جناب محمد طارق چوہدری۔ سیلز ٹیکس تھا چھ روپے ۵۷ پیسے۔ اس کے بعد انہوں نے 30th March کو انہوں نے جو تبدیلی کی وہ نو روپے ۶۰ پیسے کی بجائے اب سنٹرل ایکسائز ہو گئی ایک روپیہ پچانوے پیسے اور سیلز ٹیکس ہو گیا ایک روپیہ ۲۹ پیسے۔ جو ان کو واپس مل رہا ہے۔ ففٹی ففٹی پہ سات روپے ۵۲ پیسے ایکسائز ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس تھا تین روپے ۳۸ پیسے۔ انہوں نے اس کو اچانک کر دیا ایک روپیہ ۵۲ پیسے اور ۹۹ پیسے۔ 7030 جو تھی اس پہ تھا چار روپے اکتیس پیسے اور پھر انہوں نے کر دیا۔ سیلز ٹیکس تھا دو روپے تین پیسے اور انہوں نے اس کو ۹۱ پیسہ اور ۵۹ پیسہ میں بدل دیا۔ 85,15 جو تھی وہ تھی دو روپے چھبیس پیسے ایک روپیہ ایک پیسہ اور اس کو 46 پیسہ اور 30 پیسہ میں بدل دیا۔ اس کے بعد جب یہ high level meeting میں یہ مسئلہ آیا تو اس وقت انہوں نے اعتراف کیا کہ جی ہم سے غلطی ہوئی ہے۔ غلطی کا اعتراف کرنے کے بعد پھر یہ ہوا کہ انہوں نے 15 جون اور جولائی کے پہلے ہفتے میں سنٹرل ایکسائز اور سیلز ٹیکس اسی ریشو پہ تقریباً لے آئے۔ تھوڑا بہت رد و بدل کر کے جس ریشو میں پہلے تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ جو exporter export کرتا ہے اکثر اوقات اس کا profit جو ہے وہ rebate ہے جو اس کو مل رہا ہے اور بہت زیادہ competition کی صورت میں اس rebate کا بھی 25%, 30%, 40%,50% تک اس کا profit ہوتا ہے۔ اب انہوں نے اس کو کوئی margin دیئے بغیر ایک ہی رات میں اچانک ایک کلرک بہادر اٹھتے ہیں تو فیصلہ کرتے ہیں اور ان کا کام صرف اس پہ دستخط کرنا ہے۔

جناب چیئرمین! ایک دفعہ ایک واقعہ ہوا تھا چھوٹے سے ایک نواب صاحب کے پاس ایک صاحب گئے۔ انہوں نے کہا کہ میرا بچہ بے روزگار ہے تو مہربانی کر کے انہیں نوکری دے دیں انہوں نے کہا کہ وہ کیا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جی تحصیلدار لگا دیں۔ وہ کتنی جماعتیں پڑھا ہوا ہے۔ اس نے کہا کہ جی یہ میٹرک ہے۔ تو انہوں نے کہا جی کہ ٹھیک ہے یہ

تحصیلدار بن گیا۔ اس کے ساتھ ہی ایک دوسرے صاحب بھی غرض مند آئے ہوئے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ نواب صاحب میں بھی حاضر ہوں ۔ تو میرا بھی یہی problem ہے کہ میرا بچہ جو ہے اس کو نوکری کی تلاش ہے انہوں نے کہا کہ تمہارا بچہ کیا پڑھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی بی ۔اے پاس ہے انہوں نے کہا کہ اس کو پٹواری لگا دو۔ اس نے کہا صاحب بات یہ ہے کہ اس کا بچہ جو ہے اس نے میٹرک کیا ہوا ہے اس کو آپ نے تحصیلدار لگا دیا ۔ اور یہ بچہ جو ہے بی ۔ اے ہے اس کو آپ پٹواری لگا رہے ہیں ۔ تو انہوں نے کہا جی کہ کام تو سارا پٹواری نے کرنا ہے۔ تحصیلدار نے تو چھڑے دستخط کرنے ہیں۔ یہ چھڑے دستخط کرتے ہیں باقی جو کچھ ان کے اوپر گزر گئی ہے جن کو اپنی rebate کا ۲۵ precent بچتا تھا ان کی کیا حالت ہوگی اور طعنہ مجھے دیتے ہیں کہ مجھے یہ نہیں پتہ کہ میں کون سا ------

جناب چیئرمین۔ اب صورت حال یہ ہے ناں کہ ---------

جناب محمد طارق چوہدری۔لہذا میری یہ درخواست ہے کہ اس کی زیادہ تفصیل میں جانے کے لئے جس طرح کہ پہلے روایت ہے۔ کہ اس طرح کے issues کو آپ نے کامرس کمیٹی کے سپرد کیا اس کو بھی کر دیں سے سارے واقعات سامنے آئیں گے۔

جناب چیئرمین۔ تو کامرس کمیٹی کے چیئرمین کون ہیں۔ وہ خود اس کو لے سکتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری۔ جناب ' میری گزارش تو سنیں ۔

جناب چیئرمین۔ جی جی۔

مخدوم شہاب الدین۔ Sir, I am saying it on the floor of this House. کہ ان کا جو استفسار ہے بات کا وہ نقصان نہیں ہوا ۔

جناب چیئرمین۔ نہیں وہ صحیح ہے ۔ اس میں یہ ہے کہ اگر کامرس کمیٹی میں کوئی دیکھنا چاہے مزید تفصیل سے تو اس میں کیا حرج ہے۔ تو As far as the adjournment motion is concerned اس کا اصول یہ ہوتا ہے کہ جہاں تک واقعات کا معاملہ ہوتا ہے تو منسٹر صاحب کی statement کو بادی النظر میں درست تسلیم کیا جاتا ہے جب تک کہ اس کے برعکس کوئی دستاویز یا کوئی ایسی مستند چیز آپ میرے سامنے پیش نہ کریں ۔ تو واقعات کی حد تک

پارلیمانی روایت یا اصول یہ ہے کہ منسٹر کی statement on the floor of the House. بادی النظر میں تسلیم کی جاتی ہے ۔ تو وہ کہتے ہیں کہ نقصان نہیں ہوا تو نہیں ہوا لیکن وہ کہتے ہیں کہ اس معاملے پہ مزید غور کے لئے تو اس میں تو کوئی حرج نہیں ہے۔ تو اگر کوئی کمیٹی اس کو لینا چاہے تو مجھے بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے کمیٹی خود مختار ہے وہ اس کو لے سکتی ہے۔ تو

as far as adjournment motion is concerned that stands disposed off and as far as committee is concerned they can take up the matter because these matters.

اچھا ہوتا ہے کہ ڈائیلاگ ہوتی رہے ۔ آپ ان کا نقطہ نظر سمجھنے کی کوشش کریں گے وہ آپ کا نقطہ نظر سمجھنے کی کوشش کریں اور ہو سکتا ہے کہ جس طرح آپ نے پہلے کہا کہ ہاں واقعی کوئی غلطی ہو گئی تھی اور بہتری ہو جائے گی O.K. جی۔

that stands disposed off. Next is Adjournment Motion by Syed Fazal Agha

ii) Re :failure of the Government to make suitable arrangements for Hajj.

سید محمد فضل آغا۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چئرمین شکریہ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اس ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر فوری نوعیت کے اس معاملے کو فوری طور پہ ایوان میں زیر بحث لایا جائے۔ روزنامہ "نوائے وقت" راولپنڈی مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۹۴ء کے اخبار میں خبر شائع ہوئی ہے کہ سعودی عرب میں پاکستانی عازمین حج کی رہائش کا انتظام کرنے والی کمیٹی کے ایک رکن اور ڈائریکٹر جنرل کے درمیان چپقلش کے باعث مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں حجاج کرام کے لئے مکانات کرائے پہ لینے کا کام ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔ رہائشی کمیٹی مکانات کے حصول میں ناکامی کے بعد معلمین سے عمارتوں کے حصول کے لئے contact کر رہی ہے۔ خبر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایک معلم نے مکہ مکرمہ کی ایک بڑی عمارت دوسرے ملک کو دینے کے باوجود حج ڈائریکٹوریٹ سے پیشگی رقم بھی وصول کر لی ہے اور مدینہ منورہ میں جس پارٹی سے مکانات کے حصول کے لئے بات چیت کی گئی تھی اس نے بھی راہ فرار اختیار کر لی ہے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ رہائشی کمیٹی کے ارکان چھ ہفتوں سے اس مسئلے کے لئے سعودی عرب گئے ہوئے

ہیں لیکن ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ہے۔ جس وجہ سے عازمین حج میں شدید پریشانی پائی جاتی ہے لہذا یہ ایک اہم اور فوری نوعیت کا مسئلہ ہے۔ اس لئے میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اس مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔

جناب چیئرمین۔ جی اس کو اپوز کرتے ہیں؟

میاں رضا ربانی۔ جی ہاں جناب۔

جناب چیئرمین ۔ جی ' It is being opposed جی فرمائیے جی تھوڑی سی تفصیل دے دیں کہ کیا مسئلہ ہے۔ یہ پچھلے حج کے بارے میں ہے جو ہو گیا ہے یا آئندہ حج کے بارے میں ہے۔

میاں رضا ربانی ۔ یہ پچھلے سال کی بات ہے۔ اصل میں یہ ہے کہ This adjournment motion pertains to Mr. Khurshid Shah, who is out of the country.

آغا صاحب سے بھی میں یہ درخواست کروں گا اور آپ بھی اگر But there is just one thing دیکھ لیں کہ

This adjournment motion is dated 13th June, 1995 and the incident related to is of 21st Nov, 1994.

جناب چیئرمین۔ یعنی یہ حج ہو چکا ہے ؟

میاں رضا ربانی۔ جی یہ حج ہو چکا ہے۔ جو حج ہو چکا ہے۔ اس کے بارے میں ہے اور فضل آغا صاحب خود بھی وہاں تشریف لے کر گئے ہوئے تھے۔تو

according to the Rule 75(a) and c it ould not fall within the ambit of an adjournment motion as such.

جناب چیئرمین ۔ فضل آغا صاحب جب یہ معاملہ ہو گیا ہے تو اس کا پوسٹ مارٹم کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔

سید محمد فضل آغا۔ مجھے بھی تو کچھ گزارش کرنے دیں ناں ۔

جناب چیئرمین۔ کریں ۔

سید محمد فضل آغا۔ میں نے تو آپ کے سیکرٹریٹ کو in time جمع کرایا تھا ۔ فلور پہ لانے میں میری غلطی نہیں ہے سیکرٹریٹ کی ہے یا منسٹری کی ہے ۔

جناب چیئرمین۔ صحیح بات ہے ۔

سید محمد فضل آغا۔ اور میں نے in time آپ کی اور ہاؤس کی توجہ دلانے کی کوشش کی ہے اس حساب سے یہ permissible بھی ہے admissible بھی ہے اور میں نے as per rule وقت پہ کارروائی کی ہے ۔ اس لئے ان کا یہ کہنا کہ میں نے in time نہیں دی یہ درست نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین۔ نہیں نہیں آپ نے in time دی ہے ۔ لیکن واقعات یہ ہو گئے ہیں کہ اب جب آیا ہے یہ ہاؤس میں تو حج ہو چکا ہے ۔

سید محمد فضل آغا۔ جناب میں عرض تو کر لوں ۔

میاں رضا ربانی۔ جناب اگر date of submission بھی دیکھیں تو آپ کے سیکرٹریٹ کی بھی غلطی نہیں ہے date of submission is 13th June.۔

جناب چیئرمین۔ نہیں نہیں ہوا یہ ہے کہ this was given to us earlier and when the session was prorogued, it was kept alive by the Senator. تو یہ نومبر میں دیا تھا اور دو تین دفعہ اس کو repeat کیا گیا ہے ۔

میاں رضا ربانی۔ ٹھیک ہے ۔

سید محمد فضل آغا۔ میری گزارش یہ ہے کہ جیسے طارق صاحب نے کہا کہ ہمارا کام تو یہاں بطور سیاستدان یا ملک کے خادم کی حیثیت سے یہی ہے کہ جو حکومت کی کوتاہی ہو in time سیکرٹریٹ کو بتائیں اور سیکرٹریٹ اس کو فلور پہ لائے ۔ اس میں مجھے گزارش کرنے دیں یہ ایک مسئلہ ایسا ہے اس اخبار کی جو بات ہے یہ حقیقت پہ مبنی بھی ہے اور میں خود حج کے موقعہ پہ وہاں موجود بھی تھا اور یہ سارا مسئلہ جیسے میں نے کہا ہے پڑھ کر سنایا ' اخبار میں تھا ایسے ہی ہوا ہے۔ اس کے بعد یہ سارے مسئلے ہم نے وہاں منسٹر صاحب کو بھی point out کئے ۔ ڈائریکٹوریٹ والوں کو بھی point out کئے ہیں اور حج کے سلسلے میں تمام

accommodation میں یہ گھپلے ہوئے ہیں اور آپ نے دیکھا ہو گا کہ حج کے دوران بھی اور حج کے بعد بھی پوری قوم چیخی چلائی لیکن بدقسمتی سے جتنے بھی آپ چلائیں ، چیخیں سننے والا کوئی نہیں ہے اور آپ سے باتیں کر کے یہ ٹرخا دیتے ہیں پوری قوم بیزار رہی ہے اور اس دفعہ حج کے معاملات اتنے گھمبیر اور بدترین تھے کہ اس سے پہلے کبھی بھی نہیں ہوئے ۔ الحمدُ للہ ہمیں اللہ میاں کسی نہ کسی بہانے موقع فراہم کرتا ہے پچھلے پندرہ بیس سال سے ہم دیکھ رہے ہیں لیکن اس دفعہ جو بدحالی تھی وہ اس سے پہلے کبھی ہوئی بھی نہیں تھی ۔ تو صرف یہ بات کہہ کر کہ چونکہ event گزر گیا ہے اس معاملے کو رفع دفع کیا جائے یہ بات نہیں ہے ۔ ہمیں وہاں تسلی دی گئی آج میں نے دوسرا adjournment motion سیکرٹریٹ میں جمع کرا دیا ہے ۔ الوارثی مدینہ منورہ کی ایک کمپنی تھی جس کو انہوں نے contract دیا تھا اور دوران حج ہمیں انہوں نے تسلی دی تھی کہ ہم ان کو جرمانہ کر رہے ہیں ۔ ہم نے ان کی سیکیورٹی ڑوکی ہوئی ہے اور ہم نے ان کا کیس جو ہے سعودی عرب کے اور خاص طور پر مدینہ کے گورنر سے take up کیا ہوا ہے ہم ان کو بلیک لسٹ کرائیں گے ۔ آج کے اخبار میں ' میں رضا ربانی صاحب کے بھی گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ آج کے اخبار میں یہ آیا ہے کہ اس کی سیکیورٹی بھی انہوں نے release کر دی ہے جس کو fine کرانا تھا ۔ تو یہ ایک serious issue ہے جس میں ایک لاکھ کے لگ بھگ حجاج کی زندگی کا سوال ہوتا ہے ۔ آپ کو پتہ ہے اس ملک کے بہت دور ' دراز علاقوں سے بہت دربدر لوگ بڑی مشکل سے اپنی مذہبی روایات کو سامنے رکھتے ہوئے ایک ایک پیسہ جمع کر کے وہاں جاتے ہیں اور پردیس میں جا کر ہمارے چند ایک افسران یا وزارت کی عدم توجہی کی وجہ سے سارا مسئلہ ایسا ہوتا ہے کہ پوری قوم کی نمائندگی وہاں پر بہت بھونڈے طریقے سے ہوتی ہے اور وہاں لوگ پریشانی سے دوچار ہوتے ہیں ۔ صرف یہ کہہ دینا کہ یہ مسئلہ چونکہ گزر گیا ہے اس لئے اس کو اب نہیں لینا چاہئیے یا یہ قابل توجہ نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت گھمبیر مسئلہ ہے ۔

آج کے اخبار میں پھر اس پر بات ہوئی ہے اور میں چاہوں گا یا تو اس کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے تا کہ یہ پورا thrash out ہو یا پھر اس پر ہاؤس میں بحث کرائی جائے۔ یہ نہیں ہے کہ event گزر گیا۔ یہ event ہر سال آتا ہے اور آٹھ سال سے یہی ہوا ہے۔ پچھلے سال آپ کو یاد ہو گا کہ خورشید شاہ صاحب نے مہربانی کر کے وہاں ایک کمیٹی بنوائی تھی اور اس

کمیٹی کی میں نے رپورٹ بنا کر دی ' اور اس رپورٹ کو ہم نے ہاؤس میں بھی پیش کیا آپ کے سامنے بھی پیش کیا اور منسٹری کو بھی دی ۔ حج پر جانے سے پہلے انہوں نے اس کمیٹی کی رپورٹ پر ' سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ میں کہا تھا کہ اس رپورٹ پر ہم نے ditto عمل کیا ہوا ہے ۔ لیکن جب ہم نے دیکھا تو اس کمیٹی کی ایک بھی شق پر انہوں نے عمل نہیں کیا تھا اور وہاں پر جو بھی کارندے تھے انہوں نے بالکل اپنی مرضی سے کام کیا اور انہوں نے ایسی باتیں بتائیں کہ accommodation حاصل کرنے میں اس لئے ہم فیل ہوتے ہیں کہ ہمیں براہ راست اسلام آباد سے ہدایات ملتی رہی ہیں اور جن لوگوں کے لئے ہم نے اس کمیٹی میں بلیک لسٹ کرنے کے لئے کہا تھا ' جن کا پچھلا ٹریڈ ریکارڈ صحیح نہیں تھا ان لوگوں کو دوبارہ کام دیا گیا تھا بلکہ ساٹھ فی صد کام انہیں لوگوں کو دیا گیا تھا اور وہاں پر ایمبیسیڈر اور ڈائریکٹر جنرل اور باقی سٹاف کے ذریعے معلوم ہوا کہ ہم مجبور ہیں۔ پچھلے اجلاس میں ایک کمیٹی اَپائنٹ کی گئی تھی انہوں نے کہا کہ ہم مجبور ہیں ہمیں ہدایات اوپر سے ملتی رہی ہیں کہ بھئی اس اس آدمی کو یہ یہ کرنا ہے۔ ہوا یہ کہ وہاں مکہ مکرمہ کے قریب بھی' حرم شریف کے قریب بھی ایک بلڈنگ ایسی تھی کہ وہ کسی اور ملک کو پہلے دے چکے تھے پھر ہم سے بھی پیسے لے لئے۔ پھر دوبارہ بھی بجائے بیس ہزار حجاج ٹھہرانے کے وہاں صرف چھ ہزار حجاج ٹھہرائے گئے ہیں۔

تو یہ مسئلہ ایک بہت گھمبیر مسئلہ ہے ۔ national interest کا مسئلہ ہے اور اس میں بہت سارے گھپلے ہوتے ہیں اور حجاج کو لوٹا جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بالکل اس قابل ہے کہ اس ہاؤس میں اس پر خاطر خواہ بحث کی جائے اور کوئی سپیشل کمیٹی بنائی جائے تاکہ اس کے تمام تر معاملات کو دیکھے اور اس کے pros &cons کو معلوم کیا جائے۔ آج کے اخبار میں یہ بھی ہے کہ اس سال منسٹری نے یا گورنمنٹ نے اپنی procurement of buildings شروع کر دی ہے ۔ اس میں بھی ایوان کے کسی نمائندے کو یا اس ہاؤس کو یا پارلیمنٹ کو یا پارلیمنٹیرین کو اعتماد میں نہیں لیا گیا اور اس مسئلے پر ہر سال ہمیں یہاں پر یہی کہا جاتا ہے کہ ہم اس کو اگلے سال بہتر کریں گے ۔ لیکن بدقسمتی سے وہ اگلے سال ابتر ہی ہوتا جا رہا ہے بہتر نہیں ہوا ۔ تو ان گزارشات کے ساتھ میری استدعا ہے کہ اس کے تدارک کے لئے آپ یہاں پر کمیٹی بنائیں یا اس ہاؤس میں اس پر بحث کرائیں ۔ شکریہ !

جناب چیئرمین۔ فضل آغا صاحب صورت حال یہ ہے کہ یہ گو آپ کی غلطی نہیں

ہے ۔ یعنی غلطی کی بات نہیں ہوتی لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ معاملہ جب ایوان میں آیا ہے تو ج گزر چکا ہے ۔ آپ بھی جانتے ہیں ، میں بھی جانتا ہوں بہت سی شکایات بھی موصول ہوئی ہیں اخبارات میں بھی لکھا گیا ہے ۔ آپ لوگوں نے خود بھی دیکھا ہے اور میرے خیال میں خورشید شاہ صاحب نے بھی ذکر کیا تھا کہ اس کے بارے میں وہ خود بھی تحقیقات کرائیں گے ۔ اگر میں اس کو admit کرتا ہوں تو اس میں یہی ہو گا کہ اس پر بحث ہو گی ۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ معاملہ چونکہ گزر چکا ہے یعنی فوری نوعیت کا اس لحاظ سے نہیں ہے اور اگر اس میں کوئی investigation ہو جائے تو کم از کم غلطیاں سامنے آ جائیں گی کہ اصل بات کیا تھی خالی بحث سے فائدہ نہیں ہو گا ۔ جہاں تک کمیٹی کا تعلق ہے تو کمیٹی جس طرح میں نے پہلے بھی عرض کیا اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے ساجد میر صاحب غالباً اس کمیٹی کے چیئرمین ہیں تو وہ اس معاملے کو دیکھیں ۔ وزراء صاحب آ جائیں گے ۔ وزیر صاحب باہر گئے ہوئے ہیں ان سے بھی بات چیت کریں ۔ میرا خیال ہے ان کے حکام بھی وہاں موجود ہوں گے تو نشاندہی کریں غلطیوں کی اور میرا خیال ہے کہ جب نشاندہی کریں گے تو ضرور صورت حال کی بہتری کی گنجائش پیدا ہو گی ۔ یہی مقصد ہوتا ہے adjournment motion کا ۔ جناب رضا ربانی صاحب ۔

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین 29 جون 1995 کو یہی مسئلہ جو ہے سٹینڈنگ کمیٹی میں زیر بحث بھی آیا اور وہاں پر بھی خاصی تفصیل سے اس پر بحث ہو چکی ہے اور اگر پھر جیسے میں نے کہا کہ We are ready for debate اگر یہ چاہیں ۔

جناب چیئرمین۔ تو یہ پہلے ہی سے under discussion ہے ۔

میاں رضا ربانی۔ جی ہاں یہ پہلے ہی under discussion ہے ۔

جناب چیئرمین۔ حافظ حسین احمد ۔

حافظ حسین احمد ۔ جناب چیئرمین ہم نے پچھلے اجلاس کی جو requisition کی تھی اس کے ایجنڈے پر بھی یہ مسئلہ موجود تھا ۔

جناب چیئرمین۔ کس ایجنڈے پر ؟

حافظ حسین احمد ۔ یہ اس کی requisition پر تھا جو اپوزیشن نے اجلاس بلایا تھا

بلوچستان کے مسئلے پر اور اس وقت ایک تحریک التواء بھی میں نے دی تھی اور 194 کے تحت بھی ہم نے نوٹس دیا تھا ۔ مسئلہ یہ ہے کہ اس پر بحث ہونی چاہئیے کیوں کہ وہ کمال ناصر نامی شخص برملا وہاں کہہ رہا تھا اور ہمارے ساتھی ان سے ملے اس نے کہا کہ ان سے جا کر آپ پیسے لے لیں جنہوں نے مجھ سے اتنے کروڑ روپے لئے ہیں ۔ جناب چیئرمین اس موقعہ پر کم از کم پانچ چھ ارب روپے جمع ہوتے ہیں مکانات کے لئے اور صرف انیس ہزار حاجیوں کے لئے انہوں نے مکانات فراہم کئے تھے اور وہ بھی ڈھائی تین تین ' چار چار کلو میٹر دور تھے اور لوگ وہاں پر پاکستان ہاؤس کے سامنے بیٹھے رہتے تھے اور دو دو دن تک ' تین تین دن تک مستورات اور بچے جو ہیں وہ موٹر گاڑیوں میں بیٹھے رہے اور خود ہمارے محترم وزیر خورشید شاہ صاحب جو تھے وہ خود پریشان تھے ۔ کبھی کوئی چیز ان کے ہاتھ میں تھی ' کبھی کوئی تھالی ' کوئی چمچا اس قسم کی چیزیں وہ بیچارے جا کر حاجیوں کو اور خود اپنے delegation والوں کو وہ کھانا کھلا رہے تھے ۔ جناب ' آپ کہتے ہیں ہر حج گزر جاتا ہے ۔ انڈونیشا کے بھی دو ڈھائی لاکھ افراد آتے ہیں اور دوسرے ممالک سے بھی لوگ آتے ہیں ۔ بنگلہ دیش جیسے غریب ممالک کے حاجیوں کے ساتھ بھی اس طرح کا مسئلہ نہیں ہوتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر بحث ہونی چاہئیے تاکہ تمام حقائق سامنے آ جائیں ۔ انہوں نے صاف کہہ دیا ہے ' احمد صادق نے پرائم منسٹر ہاؤس سے ہمیں فون کیا ہے ۔ جناب ڈی جی صاحب نے ہمارے سامنے حلف اٹھایا تھا کہ احمد صادق نے فون کیا ہے کہ آصف زرداری صاحب نے حکم دیا ہے کہ کمال ناصر صاحب کو ٹھیکہ دیا جائے ۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں ناں بحث کرنے کے لئے تو آپ 194 کا موشن بھی دے سکتے ہیں ۔

حافظ حسین احمد ۔ بات یہ ہے جناب چیئرمین کہ تقریباً دس delegation گئے ہیں وہاں پر انہوں نے ناپا ہے اور وہاں پر انہوں نے باقاعدہ عمارتیں دیکھی ہیں ۔ لیکن یہ کیا بات ہے کہ وزارت کو نظر انداز کیا جائے اور تمام چیزوں کو نظر انداز کر کے کسی ایک فرد کو ٹھیکہ دے دیا جائے ۔

جناب چیئرمین۔ بات یہ ہے کہ بحث تو اگر 194 کا موشن دیں تب بھی ہو سکتی ہے ۔ سوال یہ ہے کہ اگر میں اس کو admit کرتا ہوں تو فائدہ کیا ہو گا ۔

حافظ حسین احمد۔ فائدہ یہی ہے کہ کچھ بھڑ سے بے نقاب ہوں گے اور کیا ہو گا۔

جناب چیئرمین۔ بہتر یہی ہے کہ جس طرح انہوں نے تجویز پیش کی ہے کہ معاملہ جو ہے وہ کمیٹی میں discuss ہو جائے تو یہ بہتر ہو گا۔ جناب رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین! اس میں میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ حافظ صاحب نے جن چیزوں کی نشاندہی کی ہے ایک تو ٹھیک ہے یہ تو مانی ہوئی بات ہے کہ مشکلات حج کے اندر درپیش ہوتی ہیں اور ان کو پچھلے حج میں بھی جو مشکلات پیش آئی تھیں اور اس حج میں بھی جو مشکلات پیش آئی ہیں ان کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک نئی حج پالیسی منسٹری مرتب کر رہی ہے اور اس سلسلے میں مختلف پہلوؤں پر وہ غور کر رہی ہے کہ اس کو کس طرح بہتر کیا جائے اور جہاں تک ان allegations کا تعلق ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ جب تک کوئی evidence substantial نہ ہو صرف hearsay کے اوپر اس طرح allegation لگانا، مناسب نہیں ہے۔ میری جو اطلاعات ہیں، ان کی بنیاد پر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ that man has been black listed.

Mr. Chairman: So, this matter shall stand disposed of. Yes Raja Sahib.

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین! پاکستان ان چند ممالک میں سے ہے ----

Mr.Chairman: Now you are not talking about... ..

راجہ محمد ظفر الحق۔ پاکستان ان چند ممالک میں سے ہے، جہاں سے بڑی تعداد میں لوگ حج پر جاتے ہیں۔ ترکی، مصر اور انڈونیشیا کے حاجیوں کی تعداد کے تقریباً برابر پاکستان سے حاجی جاتے ہیں' پاکستان دوسرے یا تیسرے نمبر پر آتا --

جناب چیئرمین۔ کیا یہاں Religious Ministry کا کوئی افسر موجود ہے یا نہیں؟ Is there somebody? So, I hope whoever is here is taking notes and will inform the Minister concerned of the view of the honourable Senators on this issues.

راجہ محمد ظفر الحق۔ حکومت نے کئی سال پہلے مکانوں کے انتظامات کرنے کا کام اپنے ذمہ لیا تھا۔ اس کی وجہ بھی یہی تھی کہ ہمارے ہاں سے جو لوگ وہاں جاتے تھے، وہ

بڑے dis-organised طریقے سے رہتے تھے ۔ کچھ لوگ پلوں کے نیچے ' کچھ سڑکوں کے اوپر ' کچھ tents لگا کر اور کچھ پہاڑیوں کے اوپر رہتے تھے ۔ تو یہ چیز ملک کے وقار کے بھی خلاف تھی اور مناسب بھی نہیں تھی ۔ وزارت حج و مذہبی امور کے ذمہ یہ کام کیا گیا کہ وہ یہ انتظامات کرے لیکن اس کا طریقہ یہ ہوا کرتا تھا کہ حج پالیسی بنانے سے پہلے ---

(مداخلت)

میں یہاں وزیر خزانہ کی توجہ مبذول کرانا چاہتاہوں -- ہوتا یہ تھا کہ حج پالیسی بنانے سے پہلے ایک حج کانفرنس منعقد ہوا کرتی تھی ۔ اس میں زیادہ تر ان لوگوں کو بلوایا جاتا تھا جنہوں نے اسی سال حج کیا ہو تاکہ وہ بتا سکیں کہ پی آئی اے کاانتظام یعنی ٹکٹوں اور سفر کا انتظام کیسا تھا اوروہاں سے transit کا انتظام یعنی ایئرپورٹ سے مکہ شریف تک ٹرانسپورٹ کا انتظام کیسا تھا ۔ پھر وہاں سے مدینہ شریف تک ٹرانسپورٹ کا انتظام کیسا تھا ' رہائش کا انتظام کیسا تھا' خوراک کا انتظام کیسے تھا' Health کی دیکھ بھال کا انتظام کیسا تھا اور جو خدام الحجاج جاتے ہیں ' ان کی selection مناسب ہوئی تھی یا نہیں ۔علاوہ ازیں کرایہ کے بارے میں تجاویز دی جاتی ہیں کہ آیا یہ بڑھایا جائے یا نہ بڑھایا جائے اور اگر بڑھایا جائے تو کس حد بڑھایا جائے ۔ یہ ساری چیزیں اس کانفرنس کے اندر لوگ بیان کرتے تھے اور پھر اس کے بعد ایک حج پالیسی بنتی تھی ۔ لیکن کچھ عرصہ سے انہوں نے یہ کر دیا ہے کہ وزارت حج میں کچھ سرکاری افسر بیٹھ کر ایک حج پالیسی مرتب کر دیتے ہیں ۔ اس کا کسی کو کوئی پتا نہیں ہوتا ہے ۔ Members of Parliament میں سے کسی کو بھی اس میں شریک نہیں کیا جاتاہے ۔جن لوگوں نے حج کیا ہوتا ہے ' ان میں سے کسی کو بلوایا نہیں جاتا ہے کہ وہ بتا سکیں کہ ان کے اس دفعہ تجربات کیسے رہے ۔ اس لئے اس میں improvment کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی ہے ۔ اس سے حکومت کی بدنامی بھی ہوتی ہے اور الزام بھی لگتا ہے ۔ جیسے کہ اس دفعہ اکثر لوگوں نے یہ کہا کہ اس دفعہ بہت سارے اور معاملات بھی پیش آئے ہیں ' جیسے کہ حافظ صاحب نے ابھی کہا ہے کہ جب یہ معاملہ کمیٹی میں جائے گا تو یہ چیزیں بھی سامنے آ جائیں گی ۔ اس لئے اب جو یہ فرما رہے ہیں کہ مذہبی امور کی وزارت اب ایک اور حج پالیسی تیار کر رہی ہے ۔

میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر اس قسم کی کوئی حج کانفرنس منعقد نہ کی گئی تو پھر یہ اسی کا repeat action ہوگا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کابینہ کو حج پالیسی بنانے سے پہلے خود یہ

فیصلہ کرنا چاہیے کہ جن لوگوں نے اس معاملے میں تجاویز دینا ہوتی ہیں اور جن اراکین پارلیمنٹ نے حج کیا ہوتا ہے، ان سے پہلے تجاویز لی جائیں اور پھر حج پالیسی مرتب کی جائے۔ ورنہ پھر یہ اسی طرح کا repeat action ہو گا۔

Mr. Chairman: These are good suggestions and I am sure that the Minister will be informed. So, this brings us to the end of this adjournment motion.

راجہ محمد ظفر الحق۔ میں نے وزیر خزانہ کی توجہ اس لئے اس طرف دلائی تھی کہ طارق چوہدری صاحب کوئی بات کر رہے تھے تو آپ نے کہا تھا کہ جب کوئی وزیر statement دے دے تو اس کے بعد معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔ اس لئے میں نے کہا کہ یہ بڑی خطرناک بات ہو گی، اگر وہ متوجہ نہ ہوں۔

اسی مناسبت سے ایک واقعہ عرض کرتا ہوں کہ ایک آدمی چھت سے گرا، اس کو بڑی شدید چوٹ آئی، وہاں لوگ اکٹھے ہو گئے، اس آدمی کے علاج کے لئے ایک ڈاکٹر کو بلایا گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے مریض کو دیکھ کر کہا کہ اوہو۔۔ یہ تو فوت ہو گیا ہے۔ لیکن اس آدمی نے آنکھ کھولی اور کہا کہ مجھے چوٹ تو بڑی سخت لگی ہے لیکن فوت نہیں ہوا ہوں۔ یہ سن کر تمام افراد اس کے گرد جمع ہو گئے اور مریض کو کہنے لگے کہ جب ایک ڈاکٹر صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ تم فوت ہو گئے تو کیا آپ ان سے زیادہ جانتے ہیں؟ یعنی اگر یہ رویہ یہاں اختیار کیا گیا تو یہ مناسب نہیں رہے گا۔

جناب چیئرمین۔ آپ کا اشارہ ڈاکٹر صاحب کی طرف تو نہیں ہے۔ نہیں میں نے یہ کہا تھا کہ جب تک اس کے برعکس کوئی مستند چیز پیش نہ کی جائے تو واقعات پر پارلیمانی روایت یہ ہے۔ واقعات پر عام طور پر منسٹر کی سٹیٹ منٹ کو مستند سمجھا جاتا ہے۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ میں سمجھتا ہوں یہ بھی غلط ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ منسٹرز totally ان فائلوں کے اوپر depend کرتے ہیں جو منسٹری لکھا ہوا ان کو بھیجتی ہے۔۔۔

Mr. Chairman: You can prove otherwise

ایک منسٹر نے سٹیٹ منٹ دے دی۔ اگر اس کے برعکس۔۔۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ بسا اوقات ہم نے یہاں دیکھا ہے کہ منسٹر انتہائی غیر ذمہ داری سے سٹیٹ منٹ دے دیتے ہیں جو لکھا ہوتا ہے اسی کے اوپر وہ کر دیتے ہیں ۔ ابھی کل کی بات ہے۔ منسٹری لوکل گورنمنٹ کی طرف سے جو انہوں نے لکھ کر بھیج دیا وہ انہوں نے پڑھ دیا تو کتنی embarrassing position ہے۔۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں ناں اس کے برعکس جب کوئی چیز آ گئی

you would recall yesterday.

راجہ محمد ظفر الحق۔ وہ تو اتفاق سے ان کے پاس کاغذ موجود تھا اگر نہ ہوتا تو پھر ڈاکٹر کی مانی جاتی۔

جناب چیئرمین۔ نہیں پھر کیا کریں۔ یعنی

the moment I received information to the contrary, you will recall, I admitted that motion.

راجہ محمد ظفر الحق۔ وہ تو آپ نے اچھا کیا۔

جناب چیئرمین۔ عام بات کرتے ہیں کہ normal practice ' یہی ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ پوائنٹ آف آرڈر' میں کوئی controversial بات نہیں کرنا چاہتا ۔ یہ ریکارڈ کی بات ہے کہ جب غلام اسحاق خان صدر تھے تو ان سے پوچھا گیا تھا کہ انتخابات جماعتی ہوں گے یا غیر جماعتی ۔جنرل ضیاء کی موت کے بعد ۔ تو انہو ں نے کہا مجھے نہیں پتہ حالانکہ جنرل ضیاء نے ٹیلی وژن پر اور تمام ذرائع ابلاغ میں یہ بالکل برملا کہا تھا کہ میں مزید چار غیر جماعتی انتخابات کراؤں گا ۔ اب جب غلام اسحاق خان پر سوال ہوا اور جرنلسٹ نے کہا کہ جناب والا جنرل ضیاء تو کہہ چکے ہیں یہ ریکارڈ پر بات ہے تو پھر غلام اسحاق خان صاحب نے کہا کہ مجھے نہیں پتا کہ انتخابات جماعتی ہوں گے یا غیر جماعتی ہوں گے ۔ پھر یہ مقدمہ سپریم کورٹ میں گیا اور اس کا فیصلہ ہوا۔ اس کی وجہ ہے کہ مستند چیز وہ سمجھی جاتی ہے جو ریکارڈ پر ہو جو black & white ہو ۔ یہ زبانی جمع خرچ حکومت میں کچھ نہیں چلتا جو ریکارڈ میں ہوگی وہ مستند سمجھی جانے گی جو زبانی کلامی یا سینہ بہ سینہ یا خبروں کی صورت حال میں آتی ہے ۔ یہ آداب کے خلاف ہے ۔ ظفر

الحق صاحب تو بڑے سینئر وزیر بھی رہے ہیں اور جنرل ضیاء کے First opening batsman تھے He knows the rules of business مجھے افسوس ہے جو آپ نے فرمایا

That is hundred percent correct.

جناب چیئرمین - چلیں آپ کی مہربانی کہ آپ نے اتفاق کیا۔ جی پروفیسر صاحب ' ٹائم ختم ہو گیا۔ آدھا گھنٹہ ہوتا ہے۔

پروفیسر ساجد میر۔ جج کے بارے میں گزارش ہے۔

جناب چیئرمین۔ آپ کی کمیٹی ہے۔ اس میں غور کریں۔

پروفیسر ساجد میر۔ کمیٹی میں پہلے غور ہو چکا ہے لیکن اس میں صرف افسروں کا نقطہ نظر آیا۔ ہم چاہتے تھے کہ اس کو مزید probe کیا جائے ۔۔

جناب چیئرمین۔ تو آپ کریں ناں۔ آپ خود مختار ہیں ۔ آپ کا جو جی چاہے کریں۔ نمبر ۳ فضل آغا صاحب۔

Report of the Functional Committee on government Assurences-

Presented

Syed Muhammad Fazal Agha: Sir, I present the report of the Fuinctional Committee on Government Assurances regarding the implemenation of the assurances given by the Government on the floor of the Hosue during the 40th, 42nd and 46th, 47th, 49th and 51st Session of the Senate.

Mr.Chairman: The Report stands presented to the House.

Item No.4, further consideration on the motion moved by Mian Raza Rabbani.

Yes, please.

Suspension of Question Hour.

Dr . Muhammad Rehan: When he moved a motion that the Question Hour be dispensed with and then later on it was just agreed that today the Question Hour is from today.

جناب چیئرمین۔ آج نہیں کل سے کہا تھا۔ آج ہم کام کر لیتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ کل سے ہوں گے۔

جناب چیئرمین۔ کل سے questions ہوں گے۔ یہی آپس میں agreement ہوا تھا۔ کل اور پرسوں۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ میں نے غلط سنا ہو گا۔ sorry

جناب چیئرمین۔ آپ تقریر فرما رہے تھے۔ جی فرمائیے۔ ہو گیا ہے۔ سب سے پہلی بات ہی یہی ہوئی تھی۔

جناب منظور احمد گچکی۔ ہر روز یہ تو عجیب ہے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں اس پر بھنڈر صاحب نے بھی اعتراض کیا تھا تو منسٹر صاحب نے---

جناب منظور احمد گچکی: یہی ایک طریقہ ہے کہ منسٹر صاحبان سے ہم جو ہیں--

جناب چیئرمین۔ صحیح بات ہے۔ پھر فیصلہ یہ ہوا ہے کہ کل اور پرسوں نہیں کریں گے۔ یہ فیصلہ ہوا ہے۔ آپ غالباً یہاں نہیں تھے۔ تو بھنڈر صاحب نے یہ اعتراض کیا تھا تو منسٹر صاحب اور بھنڈر صاحب کی بات سن کر پھر ہاؤس نے یہ فیصلہ کیا۔

جناب منظور احمد گچکی ۔منسٹر صاحب تو بہت خوش ہوتے ہیں کہ وقفہ سوالات نہ ہو۔ منسٹر صاحبان بہت خوش ہوتے ہیں۔ کیونکہ تیاری کر کے تو آتے نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین ۔ کل ہوگا جی۔ کیونکہ ہاؤس کا موڈ ہے تو کل ہوگا۔ جی جناب بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔جناب والا ، میں ریلوے ایکٹ کے ترمیمی بل پر کل بات کررہا تھا اورمیں جناب کے اور اس ایوان کے سامنے کلاز نمبر۱۸ کو زیرغور لاکر جو دفعہ ۱۰۲ ریلوے ایکٹ میں ترامیم کی گئی ہیں اس کے متعلق عرض کررہا تھا ۔ کہ سٹیشن ماسٹر اگر کسی حادثہ کی اطلاع نہ دے ۔ تو اس کے لئے پہلے جرمانہ صرف پچاس روپیہ تھا ۔ اب کمیٹی نے بڑھا کر صرف پانچ سو روپیہ جرمانہ اس کے لئے تجویز کیا ہے ۔

جناب والا ! ہم نے کل ہی Questions list میں دیکھا تھا کہ accidents کی کیا حالت ہے اور جناب فضل آغا صاحب کے سوال کے جواب میں یہ بتایا گیا تھا کہ ۱۹۸۸ء سے لے کر 1994 تک ۸۸۲ اشخاص ان حادثات کی وجہ سے لقمہ اجل بن گئے ۔ اس میں جناب والا! چھ سال میں 147 اشخاص فی سال اس حساب سے آتے ہیں ۔ 1255 اشخاص injured ہوئے ۔ اور جناب ریلوے کا ریکارڈ تو پرانے زمانے میں یہ تھا کہ اگر ایک accident ہو جاتا تھا تو اچھے ریلوے منسٹر resign کر جاتے تھے کہ ایک حادثہ ہوگیا ہے ۔ لیکن اب حادثات کی یہ حالت ہے ہمارے ملک میں ' کہ اتنے آدمی مرتے ہیں ایک ڈیڑھ سو کے قریب آدمی مرتے ہیں ہر سال ،لیکن حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی ۔

جناب چیئرمین ۔اسی لئے انہوں نے ریلوے کا منسٹر ہی نہیں رکھا ۔ تاکہ resign کرنے نوبت ہی نہ آئے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ جناب اس میں یہ بھی بیان کیا گیا کہ ایک سو پچاسی ملین کا نقصان ہوا اور یہ قوم کو برداشت کرنا پڑا ۔ میں تو جناب یہ تجویز کرنے والا تھا کہ جس طرح ریلوے کا اتنا بڑا محکمہ ہے اور اتنی بڑی خامیاں ہیں ۔ جناب اقبال حیدر صاحب کو ریلوے کا وزیر مقرر کیا جائے ۔ تو میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ یہ سزا بہت ہی کم ہے ۔

جناب چیئرمین۔آپ چاہتے ہیں کہ یہ دوبارہ resign کریں ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ کم از کم یہ ہوگا کہ کسی وزیر نے ایک حادثہ ہونے

پہ پھر استعفیٰ دے دیا ہے ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ سزا بہت ہی کم ہے اور اس سزا کو بڑھانے کی ہم نے ترمیم بھی دی ہے ۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ یہ سزا زیادہ ہونی چاہیے ۔

جناب والا ! ایک اور basic principle ہے کہ اس میں جناب کو معلوم ہے کہ جہاں صرف یہ provide کیا جائے یہ لکھا جائے کہ سزا ہوگی ۔ تو سزا سخت نہیں ہوسکتی ۔ دو قسم کی سزائیں ہوتی ہیں ۔ سزائے سخت اور سزائے محض سزائے محض simple imprisonment اور سزائے سخت rigorous imprisonment لیکن اس تمام قانون میں یہ تخصیص نہیں کی گئی کہ یہ جو سزائیں ہوں گی یہ کس قسم کی سزائیں ہوں گی ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یہ سزائیں ' صرف سزائے محض کے لئے ' simple imprisonment ہوں گی ۔ اور simple imprisonment ہونے کے لئے بہت سے heinous offences جو مقرر کی گئی ہیں جن کے لئے انہوں نے سزائے موت مقرر کی ہے وہاں بھی سزائے قید ہے ۔ محض سزائے قید بھی سزا دی گئی ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ بھی rigorous imprisonment نہیں رکھا گیا ۔ اور یہ ایک خامی ہے جس کی نشاندہی ہم نے اپنی ترامیم میں بھی کی ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس قانون میں خامی ہے اور یہاں ساتھ یہ بھی نہیں لکھا گیا کہ imprisonment of either description اگر یہ لکھا جاتا imprisonment of either description تو پھر عدالتوں کو یہ اختیار ہوتا کہ وہ قید محض دے دیں یا قید سخت دے دیں ۔ جس اصول کی یہاں خلاف ورزی کی گئی ہے ۔ اس لحاظ سے بھی یہ قانون ناقص ہے ۔

جناب والا ! اب میں کلاز ۲۱ کے متعلق جس میں دفعہ ۱۰۶ کی ترمیم کی گئی ہے اس کے متعلق عرض کروں گا کہ ایک offence ہے ۔ کہ اگر میں ایک چیز کو جا کر بک کراتا ہوں ریلوے سٹیشن پر ' تو میں اگر اس کا وزن کم بتاتا ہوں ۔ اگر دس من کی چیز ہے میں نو من کہتا ہوں تو اس کے لئے جناب والا ! جو سزا رکھی گئی ہے ۔ وہ سزا اور پانچ ہزار روپیہ جرمانہ ہے ۔ یعنی یہ تو جناب میرا خیال ہے کہ میں اگر اس کا وزن کروں گا تو شاید میرے وزن میں اور ریلوے سٹیشن کے وزن میں بھی فرق نکل آئے ۔ تو اس اتنی سی بات پر دو سال قید کرنا اور پانچ ہزار روپے کا جرمانہ کرنا یہ بہت بڑی سزا ہے ۔ مناسب نہیں ہے ۔ پھر جناب دفعہ ۱۰۹ میں کلاز نمبر ۲۳ کے ذریعہ ترمیم کی گئی ہے اور جناب کو معلوم ہے کہ عام طور پر زنجیر کھینچنے کی سزا پہلے پچاس روپیہ تھی ہر ریلوے

کے ڈبے پر لکھا ہوتا ہے کہ زنجیر اگر غلط کھینچی گئی تو یہ جرم ہوگا اور اس کی سزا پچاس روپے ہو گی اب اس کو بڑھا کر جناب ایک ہزار روپیہ کر دیا گیا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ سزا ایک ہزار روپیہ بھی بہت زیادہ ہے کہیں ایمرجنسی بھی ہوتی ہے اور بہت سے حالات میں اس کا غلط استعمال بھی ہوگا اور پچاس روپے سے ایک ہزار روپیہ تک کسی مسافر کو سزا دینا یہ بھی قرین انصاف نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ جناب ایک ٹکٹ بیچنے کی سزا ہے کہ اگر کوئی آدمی بلیک مارکیٹ میں ٹکٹ بیچتا ہے یہ درست ہے اس کو چیک ہونا چاہیے یہ offence نہیں ہونا چاہیے اور اس کے ہم خلاف ہیں کہ کوئی ٹکٹ بلیک مارکیٹ میں بیچے لیکن جناب اس کی سزا چھ ماہ سے تین سال تک کر دی گئی ہے یہ سزا بھی میرے خیال کے مطابق بہت زیادہ ہے گو چھ ماہ کی سزا ہی رکھی جاتی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے یہ زیادہ مناسب تھا ۔ کیونکہ بعض اوقات جناب والا !میں اس کا جواز پیش نہیں کرتا لیکن ویسے exigency کے طور پر عرض کر رہا ہوں کہ بعض اوقات ایک آدمی جاتا ہے ٹکٹ لیتا ہے اور آخر میں پروگرام یہ بنتا ہے کہ میں نے نہیں جانا اور وہ کسی اپنے دوست کو ٹکٹ دے بھی دیتا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کو تین سال کی سزا دینا یہ قرین انصاف نہیں ہوگا ۔ کھڑکی سے نکلنا' چلتی گاڑی سے اترنا ' پلیٹ فارم کے بغیر اترنا اس کی سزا بھی جناب بیس روپے تھی ۔ اور بیس روپے سے بڑھا کر ایک ہزار روپیہ اس کی سزا کر دی گئی ہے اب جناب اتنے لوگ اور اتنے مسافر چلتی گاڑی میں سے ٹھہرتے ہوئے یا چلتے ہوئے اترتے ہیں اس کا غلط استعمال ہوگا ۔ اس کا ریلوے عملہ غلط استعمال کریں گے ۔ یہ جو سرکاری ملازمین ہیں یا ریلوے کے ملازمین ہیں یہ ایک ایک ہزار روپیہ جرمانہ کریں گے جو معاشرہ ہے وہ آپ کے سامنے ہے ۔ ایک ہزار روپیہ کی threat دے کر کیا کچھ نہیں ہوگا ۔ اور کیسے کیسے حالات و واقعات پیدا نہیں ہوں گے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ سزا بھی زیادہ ہے ۔ جناب والا ! اس کے علاوہ شراب پی کر فل غباڑہ کرنا جو ہے یہ جرم تو حدود میں تو اس کی سزا تین سال ہے لیکن اس کے لئے کمیٹی بہت lenient رہی ہے اور کمیٹی نے صرف اس کی چھ ماہ سزا اور پانچ روپے جرمانہ تجویز کیا ہے یہ ایک ایسا offence ہے جس کو curb ہونا چاہیے جس کو ختم ہونا چاہیے جس کی سزا زیادہ ہونی چاہیے ۔ میں نے اس کی سزا زیادہ تجویز کی ہے اور میرے خیال کے مطابق حدود کے مطابق جو شراب پی کر فل غباڑہ کرتا ہے اس کو تو حدود میں تین سال آپ سزا دیتے ہیں لیکن اس قانون میں آپ نے صرف چھ مہینے اس کی سزا تجویز

کی ہے۔

جناب چیئرمین، اس کا مطلب یہ ہے کہ دونوں جگہ اس کی trial ہو گی کیا ہو گا۔

چوہدری محمد انور بھنڈر، دونوں جگہ trial کے متعلق تو جہاں تک تعلق ہے ریلوے سٹیشن پر یا ریلوے کے کسی ڈبے میں یہ کرنے کا اختیار تو ریلوے مجسٹریٹ کو ہوگا وہ چھ مہینے اس کو سزا دے سکتا ہے ۔ لیکن وہاں جناب سودے ہوں گے جو ریلوے پولیس والے ہیں وہ پکڑیں گے ، اور وہ کہیں گے کہ بھائی حدود میں جانا ہے یا تمہیں ریلوے مجسٹریٹ سے ہی سزا کرا دیں ۔

جناب چیئرمین ، اگر یہ جرم ہے تو can he be tried here and there? یہ کس طرح ہو گا ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ، نہیں وہ یہ ہوگا کہ چالان وہ جو دیں گے اگر پیسے نہیں ملیں گے تو وہ حدود میں بھیج دیں گے ۔ پیسے اگر مل جائیں گے تو وہ ریلوے مجسٹریٹ کے پاس پیش کر دیں گے ۔ تو یہ جو چیز ہے جناب یا تو ایک جیسا رکھیئے لیکن اگر ایک جیسا نہیں ہے تو یہ کم از کم سودے بازی جو ہے ریلوے پولیس کو کرنے کا موقع مت دیجیئے ۔ اس کے متعلق میری یہ گزارش تھی ۔ پھر جناب یہ ہے کہ Clause 34 میں دفعہ 121 میں کسی ریلوے ملازم سے اگر جھڑپ ہو جائے اس کی بھی تین ماہ قید رکھی گئی ہے اور ایک ہزار روپے جرمانہ تو اس طرح سے جناب کسی ٹرین کے لیٹ آنے کے متعلق ، کوئی سہولت نہ ہونے کے متعلق ، کسی ٹکٹ کے متعلق ، ٹکٹ کی سپرِش کے متعلق یہ تو جھڑپ یا تھوڑی سی تلخ کلامی تو بعض اوقات نہیں بسا اوقات ہو جاتی ہے تو اس کے لئے تین ماہ قید کرنا بھی میرے خیال کے مطابق درست نہیں ہے۔

اس کے بعد جناب سب سے بڑی Clause 39 ہے اس سے دفعہ 126 کی ترمیم کی گئی ہے اور اس میں کسی ریلوے ٹریک پر کوئی explosive پھینکنا ، کسی پٹڑی کو اکھاڑنے کی کوشش کرنا ، یا کسی کو uproot کرنے کی کوشش کرنا اس کی سزا پہلے عمر قید تھی اب سزائے موت تجویز کی گئی ہے۔ یہ جناب واقعی بہت بڑا heinous offence ہے اور اس کے لیے جو سزائے موت رکھی گئی ہے مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے کہ ریلوے کی پٹڑی کو

اکھاڑنا اور مسافروں کی جانوں سے کھیلنا ایک بہت بڑا سنگین جرم ہے ۔ لیکن ایک بات یہ ہے کہ اس کے ساتھ اس کی confiscation of property کی بھی سزاء رکھی گئی ہے ۔ یعنی سزائے موت بھی ہوگی اور اس کی جائیداد بھی ساری ضبط ہوگی۔ جناب والا' جائیداد کی ضبطی مجرم کی سزا نہیں ہے وہ اس کی اولاد کی سزاء ہے اور ضروری نہیں کہ ایک مجرم اگر ایک جرم کرتا ہے تو اس کی سزاء اس کی اولاد کو بھی دے دی جائے اور ساری جائیداد سے ان کو محروم کر دیا جائے اور ان کے کھانے پینے کے لیے کچھ بھی نہ ہو اور اگر اس کے سات بچے ہوں ----- اگر وہ برا آدمی ہے تو ٹھیک ہے اس کو سزاء دیجیئے ' موت کی سزاء دیجیئے وہ مر جائے گا ' ختم ہو جائے گا ' دنیا سے چلا جائے گا لیکن اس کے جو بچے ہیں ان میں نابالغ بھی ہوں گے ' اس میں بیوہ بھی ہوگی ' اس میں اس کے اور بھی لواحقین ہوں گے تو ان کو ضبطی جائیداد کی سزا نہیں ملنی چاہیئے ۔ میں نے یہ ترمیم دی ہے کہ ضبطی جائیداد کی سزاء اس شخص کو نہ دی جائے ۔ یہ اس کو سزا نہیں دینی ہوگی بلکہ یہ اس کی اولاد کو سزاء دینی ہوگی۔ اور پھر جناب والا! اس کلاز میں fine کا کچھ تعین ہی نہیں کیا گیا He is liable to fine. Liable to fine what? آپ اس کو کتنا جرمانہ کر سکتے ہیں؛ آپ نے دیکھا ہوگا کہ جہاں بھی fine کی سزاء ہے وہاں fine متعین ہے لیکن یہاں کوئی fine متعین نہیں ہے ۔ کورٹ کتنا جرمانہ کر سکے گی ' ایک لاکھ روپے جرمانہ کر سکے گی ' پچاس ہزار روپے جرمانہ کر سکے گی ۔ کتنا جرمانہ کر سکے گی وہ متعین ہونا چاہیئے تاکہ عدالت کو معلوم ہو کہ اس جرم میں اس قدر جرمانے کی سزاء ہے ۔ پھر میں یہ سمجھتا ہوں کہ دفعہ 131 میں ترمیم کرکے کلاز 43 نہیں کی گئی ہے اس میں کچھ crimes قابل دست اندازی پولیس بنا دیئے گئے ہیں۔ 103 یہ ہے جناب omission to give notice of accident یہ بھی قابل دست اندازی پولیس ہے ۔ false return دینا۔ میرے خیال میں کئی محکمے میں آدمی ہوں گے کوئی کلرک ہوں گے کوئی دوسرے لوگ ہوں گے جو false return دیں گے یا غلط return آئے گی ' وہ جرم بھی قابل دست اندازی پولیس ہے ' پھر جناب needless interference with means of communication in a train 108 قابل دست اندازی پولیس ہے ' travelling without proper licence 112 یہ بھی قابل دست اندازی پولیس ہے ۔ 114, penalty for tampering coith ticket یہ بھی جناب قابل دست اندازی پولیس ہے ۔ 122, trespass on Railway, 124, opening or not properly shutting gate یہ تمام جرائم قابل دست اندازی

پولیس بنا دیئے گئے ہیں ۔ اب اگر ٹکٹ کسی کے پاس نہیں ہے تو یہ جرم بھی قابل دست اندازی پولیس ہوگا ۔ اسی نے اس کو tamper with کیا ہے تو وہ جرم بھی قابل دست اندازی پولیس ہوگا۔ یہ بہت زیادہ اختیارات دے دیئے گئے ہیں اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہ کلاز بھی ترمیم کے لائق ہے۔ پھر 131-A کی ترمیم کرکے summary trial کرکے دفعہ 121, 123, 124 اورand 125 کا summary trial کیا گیا ہے جناب والا! آج کل کی دنیا میں summary trial اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا کیونکہ اس میں ناانصافی ہونے کے بہت زیادہ امکانات ہوتے ہیں اس لیے ہمیں summary trial سے اجتناب کرنا چاہیئے اور summary trial کی provision نہیں رکھنی چاہیئے۔

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ ریلوے کے سترہ گریڈ کے کسی ملازم کو مجسٹریٹ کے اختیارات بھی دیئے جائیں گے ' دیئے جائیں ' شاید پہلے مجسٹریٹوں کی پہلے کمی ہے اور اگر ریلوے سترہ گریڈ کے ملازم کو یہ magiesterial powers بھی دیں گے اور یہ اتنے بڑے اختیارات بھی دیں گے ' summary trial بھی دیں گے' قابل دست اندازی پولیس بھی بنائیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ عوام کے لیے سہولت کی بجائے تکلیف کا باعث بنیں گے اور کوئی قانون ایسا نہیں آنا چاہیئے جو کہ عوام کی سہولت کے لیے نہ ہو بلکہ عوام کو تکلیف پہنچانے کے لیے ہو ۔ اس لیے ان تمام معاملات پر غور کرنا ضروری ہے۔

آخر میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کل میں نے کچھ اعدادو شمار دیئے تھے جن میں میں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ یہ ادارہ بہت سالوں سے خسارے میں جا رہا ہے اور متواتر خسارے میں جا کر یہ وفاقی حکومت پر ایک بوجھ بنا ہوا ہے اور اس کی last figures 1994-95 کی میں نے رات کو دیکھی تھیں تو وہ 1994-95 2069 million میں تھیں اور وہ revise ہو کے 3079 ملین ہوا اور 1995-96 میں اب 3213 ملین روپیہ گورنمنٹ کے خزانے سے ریلوے کو جانے گا تب یہ ریلوے چلے گی۔ جناب یہ صورتحال میں سمجھتا ہوں کہ بڑی گمبھیر صورتحال ہے اس کے متعلق حکومت کی پوری توجہ ہونی چاہئیے Council of Common Interests . کو ہم نہیں بلاتے ' ہم کوئی منسٹر مقرر نہیں کرتے۔ ہم پارلیمنٹ میں ریلوے کی کوئی رپورٹ جناب والا' پیش نہیں کرتے ۔ اگر Council of Common Interests ہوتی تو یہاں رپورٹ ریلوے کی جناب والا' آتی۔ نہ کوئی رپورٹ آتی ہے نہ Council of Common Interests میں یہ معاملہ جاتا

ہے نہ کوئی ذمہ دار منسٹر موجود ہے۔ تو ان حالات میں اس ادارے کو کیسے control کیا جا سکتا ہے اور کیسے اس میں اصلاح کی جا سکتی ہے۔ میں نہایت مودبانہ عرض کروں گا کہ ان گزارشات کے پیش نظر اس محکمہ، اس Ministry کے، اس ریلوے کے متعلق، اس کی صورتحال سے کم از کم میں مطمئن نہیں ہوں اور میں نے یہ تمام figures House کے نوٹس میں اس لیے لائے ہیں کہ یہ فوری توجہ کا محتاج ہے اور جب تک ہم نے اس ریلوے کو صحیح طور پر اور مناسب طور پر درست کرنے کی کوشش نہ کی آئندہ سالوں میں اس کا مستقبل بڑا تاریک ہے۔

thank you, very much.

جناب چیئرمین۔ Anybody else، جی جناب شہزاد گل صاحب۔

جناب شہزاد گل۔ جناب والا، چونکہ میں نے اس بل میں ترامیم دی ہیں، بھنڈر صاحب نے تفصیل سے بات کی۔ میں بھی مختصراً یعنی بل کے اصولوں کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کروں گا۔ جناب والا، جیسا کہ کہا گیا یہ act جو ہے یہ 1890 کا ہے۔ سو سال سے زیادہ پرانا ایکٹ ہے۔ اس سو سال کے پرانے original Act کو پڑھا جائے تو پتا چلتا ہے اس میں کوئی خاص ترامیم نہیں ہوئی تھیں۔ پہلے اس طرح تھا کہ مشترکہ ہندوستان، آزادی سے پہلے ہندوستان میں پاکستان، بھارت، سری لنکا، مالدیپ، برما اور بنگلہ دیش یہ سارے شامل تھے صوبے۔ اور اس وقت صوبوں کی بھی علیحدہ یعنی اپنے ریلوے کا بھی انتظام وہ خود کرتے تھے۔ مرکز کے پاس یعنی ریلوے کا محکمہ تھا اور صوبوں کے پاس بھی اپنے ریلوے انتظامیہ تھی اور وہ اپنی ریلوے چلاتے تھے۔ ان کے اپنے بھی قوانین تھے اس لیے جو original Act تھا اس میں صوبوں کی ریلوے کا ذکر ہے اور اسی طرح کمپنیوں کے۔۔ بعض کمپنیاں تھیں ان کی یعنی پرائیویٹ ریلوے چلتی تھی۔ تو یہ انتہائی ضروری تھا کہ اس act کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اس میں بہت پہلے ہی ترامیم کی جاتیں کیونکہ موجودہ وقت سائنس اور ٹیکنالوجی نے جتنی ترقی کی ہے اس کے پیش نظر یہ انتہائی ضروری تھا کہ اس ریلوے ایکٹ میں ترامیم کی جاتیں۔ جناب والا! ایک یہ ہے کہ جو ترامیم کی جا رہی ہیں پاکستان میں پہلے یہ فاصلوں کے لیے میل وغیرہ تھے اور وزن کے لیے من تھے اب یہ بھی ضروری تھا کہ پہلے سامان وغیرہ ریلوے کے ذریعے لے جاتے تھے تو اس کا تول منوں میں ہوتا تھا اب وہ کلوگرام آگئے اور

کلو میٹر آ گئے ہیں اس وجہ سے اس کے لیے بھی موجودہ رائج پیمانوں کے مطابق ایکٹ میں ترامیم کی جانی تھی۔ جناب والا! اس کے علاوہ پہلے یہ تھا کہ چونکہ بڑے فاصلوں کے لیے کراچی سے اسلام آباد تک' کراچی سے پشاور تک باربرداری کے لیے یہ ٹرکوں کا نظام جو تھا اس طرح یعنی روڈ ٹرانسپورٹ جو تھی وہ وسیع پیمانے پر نہیں تھی آج کل تو ہے کہ کراچی سے بھی ٹرکوں کے ذریعے ٹریلر کے ذریعے مال وغیرہ پشاور تک' ہر جگہ تک' ملک کے ہر حصے میں پہنچایا جاتا ہے۔ پہلے یہ جو سارا کام تھا ریلوے کے ذمہ تھے اور ریلوے کے ذریعے یعنی ٹرانسپورٹ جو تھی carriages وہ چلتی تھیں اب وہ اس طرح ہوا تھا کہ محکمہ میں اتنی بدعنوانیاں آ گئیں جناب والا' محکمے سے چوریاں ہوتی ہیں جس طرح اگر آپ گندم ریلوے کے ذریعے لانا چاہیں تو منوں گندم چوری ہو جاتی ہے' اس وجہ سے لوگوں نے ریلوے کو باربرداری کے لئے استعمال کرنے کی بجائے اب ٹرکوں اورٹریلروں کو استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔ اس وجہ سے ریلوے میں نہ کوئی زیادہ سفر کرتا ہے اور نہ ہی ریلوے کے ذریعہ باربرداری کرتے ہیں۔ اس لئے ریلوے خسارے میں جاتی ہے۔ دوسرے ریلوے نے جو معاوضے 1890ء میں مقرر کئے گئے تھے وہ معاوضے موجودہ وقت کے مطابق تھے ہی نہیں۔ جیسے کہ یہ ایک سیکشن ہے کہ اگر کوئی گھوڑا ریلوے کے ذریعے لاتا تھا تو گھوڑے کے لئے انہوں نے 3000 معاوضہ رکھا تھا لیکن آج ایک گھوڑے کی قیمت بھی لاکھوں روپے میں ہے۔ ہاتھی کو لے لیں' ہاتھی کی قیمت لاکھوں میں ہے' اول تو یہاں پر ہاتھی ملتا ہی نہیں۔ اسی طرح جو جانور یا جو قیمتی اشیاء ریلوے کے ذریعے لائی جاتی تھیں ان کے معاوضے بہت کم تھے اور ان معاوضوں کو زیادہ کرنے کے لئے بھی ضروری تھا کہ ریلوے ایکٹ میں ترامیم کی جائیں۔

جناب والا! ریلوے کو منافع بخش محکمہ بنایا جائے۔ ریلوے ملازمین اکثر اپنی ذمہ داریوں سے' اپنے فرائض سے غفلت برتتے ہیں۔ اس لئے ان کے فرائض اور ذمہ داریوں سے کوتاہی برتنے کے لئے سزائیں ضروری تھیں کہ موجودہ وقت کے تقاضوں کے مطابق ان کو عبرت ناک سزائیں تجویز کی جائیں تا کہ ان کو ان کی ذمہ داریوں اور فرائض کا احساس ہو' اس کے لئے بھی قانون میں ترمیم کی جائے تا کہ وہ زیادہ ذمہ دارانہ طور پر اپنے فرائض ادا کر سکیں۔ اگر وہ غفلت برتتے ہیں تو ان کے لئے سخت سزائیں ہونی چاہئیں۔ ایک معمولی سا واقعہ ہے کہ گھوٹکی اور سانگھی میں دو ریلوے ایکسیڈنٹ ہوئے جن میں کئی جانوں کا ضیاع ہوا تھا۔ ایک ملازم جو کنٹرول روم میں

اپنے آرام کی خاطر سونا چاہتا تھا تو اس نے مشینری میں سگریٹ کے ڈبے کا ایک پرزہ اندر کر دیا اور جو ریل پٹڑی پر کھڑی تھی اس سے آنے والی ریل ٹکرا گئی۔ ریلوے ملازمین ایسی غفلت کرتے تھے اور کرتے ہیں جس کی وجہ سے ایکسیڈنٹ ہو جاتے ہیں اور اس کی وجہ سے کئی جانوں کا ضیاع ہو جاتا ہے' مالی نقصان ہو جاتا ہے۔ ان ایکسیڈنٹس کے تدارک کے لئے' ان کو روکنے کے لئے بھی ایکٹ میں ترامیم ضروری تھیں۔

جناب والا! اسی طرح اگر کوئی ریلوے ملازم رولز کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کے لئے بھی سزا ضروری تھی۔ اس کے بعد جب کوئی ایکسیڈنٹ ہوتا ہے اور مسافر فوت ہو جاتا ہے یا زخمی ہو جاتا ہے تو اس کے لئے معاوضہ تھا' گو کم تھا لیکن اگر کوئی ایسا شخص جو ریلوے پٹڑی کے نزدیک کھڑا ہے اور وہاں ریل کا ایکسیڈنٹ ہوتا ہے ' وہ مسافر نہیں ہے' وہ فوت ہو جاتا ہے' وہ زخمی ہو جاتا ہے تو اس کے لئے اس بل میں کوئی provision نہیں تھی کہ اس کا تو کوئی قصور ہی نہیں تھا۔ وہ تو اتفاقاً وہاں پر کھڑا تھا اور وہ ایکسیڈنٹ کی زد میں آ گیا اور جاں بحق ہو گیا یا زخمی ہو گیا۔ تو اس کے لئے بھی ایکٹ میں ترمیم کے ذریعے معاوضہ لانا ضروری تھا اور اب جو بل لایا جا رہا ہے اس میں ایسے شخص کے لئے بھی معاوضے کے ادائیگی کی تجویز ہے۔ اور شاید یہ بل پاس ہو جائے تو ایسے لوگوں کو بھی معاوضہ ملے گا جو مسافر نہیں ہیں اور وہ حادثے کی زد میں آ کر جاں بحق ہو جاتے ہیں یا زخمی ہو جاتے ہیں' ان کو بھی معاوضہ ادا کیا جائے گا۔ جناب والا! جب کوئی شخص فوت ہوتا ہے تو اس کے لئے معاوضہ بہت معمولی یعنی 10000 روپے تھا۔ 1890ء میں 10000 ہزار روپے رکھا گیا تھا۔ اب اگر اس تناسب سے اضافہ ' قیمتوں میں جو اضافے ہو رہے ہیں اور اس تناسب سے دیکھا جائے تو پھر چار پانچ لاکھ روپے ایک شخص کو دینے جائیں اگر وہ ریلوے ایکسیڈنٹ میں' پھر بھی ہماری تجویز تھی کہ اس کو ایک لاکھ روپے دیئے جائیں۔ ہر جگہ سنتے کہ کوئی فائرنگ ہوتی ہے کوئی شخص ہلاک ہوتا ہے اسی طرح پولیس فائرنگ میں تو حکومت اعلان کرتی ہے کہ ایک لاکھ روپے وزیراعظم دیتا ہے وزیر اعلی دیتا ہے تو کم از کم ایک لاکھ روپیہ انسانی جان کی قیمت بہت کم ہے۔ انسانی جان کی قیمت بہت زیادہ ہے لیکن پھر بھی اس کے وارثوں کو ایک لاکھ روپیہ دینا کچھ نہ کچھ مناسب ہوگا۔ اور اسی طرح زخمی کو اب ایسا شخص جو ہے ابھی تجویز ہے کہ دس ہزار روپیہ اس کو دیا جائے۔ میری یہ تجویز یہ تھی کہ nature of injury کے مطابق اس کو معاوضہ دیا جائے اب ایک شخص ہے اس کا ہاتھ کٹ گیا' اس کا پاؤں

کٹ گیا وہ تو روزگار سے رہ گیا یعنی وہ تو آئندہ کے لئے اپنے لئے نہیں کما سکتا اس کی اولاد ہوگی بال بچے ہونگے ' ہاتھ اس کا نہیں ' اس کی آنکھ ضائع ہوگئی یا دونوں آنکھیں ضائع ہوگئی تو پھر وہ بازاروں میں بھیک مانگے گا اگر اس کو آپ دس ہزار روپیہ دے دیں تو اس سے اس کا کیا بنے گا۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ nature of injury کیا ہے۔ simple injury ہے یا greivous injury ہے یا زیادہ شدید ہے تو ایسی صورت میں اس کو زیادہ معاوضہ دینا چاہیئے تاکہ وہ اپنا روزگار اس پر کچھ نہ کچھ چلا سکے۔

جناب والا جس طرح کہ بھنڈر صاحب نے کہا یہ انتہائی ضروری تھا کہ جو تخریب کاری ہوتی ہے یا اس طرح کی غفلت اس میں پہلے سزا جو تھی۔ ٹرانسپورٹیشن تھی اب انہوں نے موت کی سزا یا عمر قید کی سزا تجویز کی ہے۔ یہ انتہائی مناسب ہے یہ ضروری تھا کہ یہ سزا زیادہ ہوتی۔

جناب والا ! اس ایکٹ میں ۱۵۰ سیکشن میں اور دو شیڈول ہیں اب صرف 44 سیکشن میں اور ایک شیڈول میں ایک ترمیم لائی جا رہی ہے۔ چاہیئے یہ تھا کہ جب اس میں ترمیم تجویز کی جا رہی ہیں تو سارے ایکٹ میں سارے دفعات میں سارے سیکشن میں چاہیئے تھا کہ اس کو revise کیا جاتا اور ان میں مناسب ترمیم اور ہر ایک میں ترمیم لازمی ہے اور ضروری ہے اور ہونی چاہیئے اور صرف ایک نیا consolidated بل لاتے تو وہ زیادہ بہتر ہوتا۔ بجائے اس کے کہ چند سیکشن میں ترامیم تو اب ہو جائے گی لیکن یہ ہے کہ باقی سیکشن میں دوبارہ ترمیم آئے گی وقت کے مطابق تو یہ ہے کہ آج کل تو ہر ایک شک میں ہے کہ کیا ہو رہا ہے کیا نہیں ہو رہا اور ملک کے حالات کے مطابق چاہیئے تھا کہ سارے ایکٹ پر نظرثانی کی جائے۔ اور پھر ایک consolidated بل لایا جاتا تو وہ زیادہ مناسب ہوتا پھر بھی جو کچھ وہ لائے ہیں موجودہ ایکٹ کو موجودہ تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ بنانے کے لئے جو کچھ بھی لائے ہیں وہ بل اگرچہ پورا نہیں ہے پھر بھی کچھ نہ کچھ ہے اور ہماری چند تجاویز وزیرمملکت صاحب نے مانی ہیں میں اس کا مشکور ہوں کہ ہمارے ساتھ ڈسکشن میں انہوں نے چند تجاویز کو مان لیا ہے اور ان کو تمام ایکٹ میں سمو رہے ہیں۔ لیکن یہ ہے چونکہ بل یہاں initiate ہوا ہے اور یہیں سے قومی اسمبلی میں جائے گا تو جب یہاں پر ایک بل introduce ہو جائے اور یہیں سے وہ پاس ہو کر جائے گا اور پھر وہاں پر تو چاہیئے یہ کہ یہاں پر ساری ترامیم جو تھیں وہ مان لی جاتیں اور بل کو ایسی صورت میں پاس کیا جاتا کہ پھر اس میں ترمیم کی کوئی گنجائش نہ رہتی اور پھر جب دوسرے ہاؤس میں بل پاس ہو کر جاتا ہے تو وہاں پر

یہی سوال ہوتا ہے کہ اگر اس بل کو اسی طرح پاس نہ کیا جائے تو پھر یہ joint sitting میں جائے گا۔ اب joint sitting چار سال ہوگئے ہیں اور ابھی تک تو ایک بھی joint sitting قانون سازی کے لئے طلب نہیں کیا گیا اور نہ اس کے متعلق کوئی رول بنے ہیں۔ تو یہی مشکل جو تھی یہ حل ہو جاتی اور پھر وہاں پر یہ اعتراض نہ اٹھتا کہ چونکہ مشترکہ اجلاس نہیں ہوگا' اس لئے چاہئے یہ تھا کہ یہاں پر ساری ترامیم جو ہیں وہ مان لی جاتیں اور اس بل کو مزید بہتر بناتے ہماری کوشش یہی ہے ہمارا تو تعاون ہے قانون سازی میں ہم بخل سے کام نہیں لیتے ۔

ہمارا واحد بنیادی مقصد یہی ہوتا ہے کہ قانون بہتر سے بہتر ہو جائے اور عوام اور وقت کے تقاضوں کے مطابق ہو تو یہ زیادہ بہتر ہو گا جناب والا! شکریہ جی ۔

جناب چیئرمین - Anybody else جی 'جناب آفتاب شیخ صاحب ' آپ بھی ریلوے ایکٹ پر بات کرنا چاہیں گے ؛ OK جی آپ بھی بولنا چاہیں گے ٹھیک ہے جی ۔

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Mr. Chairman, I will associate completely with what has been expressed by Mr. Bhinder and my friend Shazad Gul on the various amendments that they have proposed. But before going into this, as of duty I must state here in this House that the attitude of the Law Minister is, in fact, very conducive for legislative business. He has been very nice, cooperative and he has been accepting all the feasible proper amendments that have been proposed by this side. Not only that but he has come to our seats to discuss these amendments wherever the amendments were not reasonable or not within the scope of the Act itself parties are mutually conceded and have decided accordingly. So, therefore, I would say that the speed with which he is progressing in the matter of legislation, he is able to get one Bill, one Act passed in every sitting. In fact, because of his attitude that we welcome the amendments and good amendments are being digested. Afterall this, now I will go over No 2, the A t i

The Act is of 1890 and the history that I have gone through of the Act is that somewhere in 1950 formal amendments were carried on then 53 also Khairpur, Balochistan , these words were substituted. Then in 1949 also, there were some 61 also , there were very formal amendments becasue of the division of the sub-continent. Thereafter, I have not found any substantial change or amendment in the Act itself. It is for the first time that a comprehensive, a detailed Bill, has been brought by the Government to suggest some amendments in the Railways Act, 1890.

Mr. Chairman, I was a member of the Committee. Then the Bill in question was under consideration and the thing that I pressed very hard in the Committee and which has been partially accepted in the amended Bill which has been proposed now, is the case the claim of the invitee, there was no provision in the Railways Act for awarding any compensation to the invitee and the situation that changed after the judgement of the Supreme Conut in the case of 1967 Supreme Court Page 249, Federation of Pakistan through the General Manager, NWR, Lahore v/s Ali Ahsan. The case was that a person who crosses the railway crossing manned or unmanned , this is 1967 Supreme Court page 249, a person who has crossed the railway crossing under the impression that it is manned crossing and that there is no likelihood of any accident taking place and if a wagon is shunted from far off place and wagon comes there and hits him.. He is not a bonafide passenger of the train and so far the law was that the Railway Act only provided compensation for accidents in respect of person who are passengers in the train. A person was being hit by a railway wagon in this case the law is, and the law was that he has to go to the court of law to file a suit for damages of compensation, as the case may be, on the civil side. This is also

a case of similar nature where a man who was hit by a wagon, he filed a claim of 120,000/- damages and compensation for losses suffered. And finally, the matter went up to the Supreme Court and the Supreme Court up held the decision of the courts below. (1) our driving Act was this that the Act itself makes no provision for the invitee. A person who is crossing the railway crossing is an invitee and for him the Supreme Court says; this is on page 257; "This duty is not confined only to maintaining what has been offen described as the static condition of the property free from danger, but it extends also to the taking of reasonable care to safeguard the invitee from any special hazard or danger to which he is likely to be exposed by reason of any danger inherent in the activity carried on by occupier on the premises.".

So, for the first time, I infact, with all stress at my command, said that the invitee also be protected in the Railway Act. So, they brought this amendment in the Railway Act in the section 82(a), they have added a proviso. We are now discussing the general principles of the Bill itself. The proviso says; for the first time that the Law of the Railway as regards the third person is being revised. "provided that where in such accident a person other than a passenger" (this provision was absent in the past) "dies or is injured, the Railway Administration may after such enquiry as to the wrongful act, neglect or default of Railway Administration, pay compensation to the heirs of the deceased or, as the case may be, to the injured to the extent as provided in sub section (2). There are two things sir, on which I would like to make my submissions. The one is that the Railway Administration may and then after such inquiry. Now here also the proviso gives a discretion to the Railway Administration. Even after the result of the inquiry, and if the result of the

inquiry is in favour of the wrongful act having being committed in relations with the person who has been injured. Even then the discretion has been given to the Railway Administration, sir.

So, my submission is that I will appeal to theLaw Minister that if the result of the inquiry is positive then the word "may" should not be there. It should be "shall", it should be substitutedby the word "shall", sir. This is one submission. Secondly, Sir, yesterday, there was discussion on this Bill and there is an observation from your side, sir, that in the countries there was a law or doctrine of absolute liability. Or in the country where we live, normally in each such case the plea that is advanced is the plea of contributory negligence. Always whenever it claim for compensation or claim for damages is advanced, the plea that comes from Government side or Railway Administration is that the man himself was negligent. It is because of his contribution that this accident has taken place. So, your observation relates to countrywhich are far enlightened, whereas, we are entirely in a different situation.

You know Sir, we have no statutary law. This is for the first time that a proviso has been added, there also word 'may' has been added sir.

Now, Sir; as regards, the working of the Railways, some of my friends have commented on it. They have only commented to the extent of the deficit suffered by the Railways and the subsidies yearly granted by the Government in the previous budgets and also in the present budget. The working and the performance of the Railways has to be reviewed for getting better results. If you give Railways million and million of Rupees and if the money is not being spent properly, then there is no question that you will get the results. I have suggested an amendment, Mr. Rabbani tells me that this Ordinance has been withdrawn. I

have made an effort that some amendment should be made in the Board The Board that is responsible for the efficient working of the Railways. That is the Board Sir, which runs the Railways. That is Board which decides the policies of the Railways . The reason is Sir, that if you kindly see the economic survey, copy of which has been given to us now, it shows Sir, that in the year 1992-93 the routes were 8775 kilometers and same is the position now. in 1994-95, not one kilometer we have added to what we had in 1992 because I have got 1992 figures.

Sir, we have gone down in every section of the Railways. As regards Sir, passengers carried were 59 million, 61 million, and then 63.3 million. The freight tonnes carried in 1994-95, we have gone down from 1993-94 and 1992-93. Similar is the position Sir, as regards, the locomotive numbers, we have now 647, in 1993-94 we had 676 and in 1992-93, we had 703. That is because Sir, the efficient management of the Railways, is something which has to be looked at. a whole, so many sections of the Act have now been amended. These amendments have been brought here and the House is examining it. But the working, control, management, supervision, and institution which is supervising it, it has to be revamped, it has to be corrected. So, therefore, Sir, I have submitted that the Board should be a representative body, not only officials, because the officials have given us this result. Every year, we are decreasisng our efficiency. Every year we are going down. So, therefore, I have suggested that the Board constituted by whatever Ordinance, it is part of the Railwlays Act. It concerns itself with the efficiency and performance and therefore, that Board also be reconstituted giving the members of Parliament, at least, one from the Senate and one from the National Assembly representation to see as to what are the causes, why Railway is going down every year.

These are some of the observations Sir, on this Bill. Of course, we have today only talked on the general priciples of the Bill. Amendments naturally are to be taken hereafter. With all this Sir, I say this is a good exercise that after 1890 substantial amendments have been proposed. The Government afterall has now thought of revising the obsolete Act, an the Act which is suspending a hundred year old and let us with variations and modifications Sir, pass this Act so that the working of the Railway may be improved.

جناب چیئرمین۔ شکریہ جناب ، مخدوم حامد رضا گیلانی صاحب۔

مخدوم سید حامد رضا گیلانی۔ جناب والا! میں appreciate کرتا ہوں آفتاب شیخ صاحب کو جو انہوں نے لاء منسٹر کی appreciation کی ہے۔ that creates a very good atmosphere in the House ، جناب actually یہ بڑی خوبی کی بات ہے کہ کم از کم کسی حکومت نے ایک صدی کے بعد ، ایک ادارے کو up-to-date کرنے کی کوشش کی ہے ، موجودہ تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی ہے۔ اس پر دو پہلو ہیں جو جناب کی خدمت میں میں عرض کرنا چاہتا ہوں ، ایک تو یہ ہے کہ ریلوے کی کارکردگی اس قدر گر گئی ہے کہ اس کے لئے ایک surgical operation چاہیئے اور ایک complete over hauling چاہیئے ، کیسے ہو سکتی ہے؟ حکومت کیسے کر سکتی ہے ؛ اس میں بھی دو تین تجاویز ہو سکتی ہیں ، ایک تو یہ سوچا جائے کہ کیا اس کی کارکردگی privatize کرنے سے بہتر ہو گی اگر وہ نہیں تو کیا اس کا جو ابھی structure ہے ، اسے کچھ check and balance کرنے سے درست ہو سکتا ہے ، یہ چیزیں ایسی ہیں جو میں سمجھتا ہوں ایک کمیشن کے سپرد کی جائیں اور 6 مہینے کے اندر یا 4 مہینے کے اندر وہ اپنی سفارشات دے تاکہ یہ ریلوے کو rescue کیا جائے ، اب اس قدر اس کی بری حالت ہے یا تو کسی زمانے میں یہ ایک ادارہ ہوتا تھا جس پر انسان فخر کرتا تھا ، آج اگر اس پر سفر کرنا پڑ جائے تو دو دن انسان سوچتا ہے کہ کیا سزا مجھے ملے گی ۔ صاحب ایک تو یہ گزارش تھی دوسرا میں چوہدری انور بھنڈر صاحب کی تجاویز سے پورا اتفاق کرتا ہوں کہ اگر کوئی تخریب کار پٹری اکھاڑتا ہے یا پکڑا جاتا ہے یا ایسا کوئی crime کرتا ہے ، تو میں سمجھتا ہوں کہ بہت سزا ہے اس کی پھانسی کی ، لیکن

یہاں تک ہی سزا رہے ' confiscation of property جو ہوگی وہ صحیح انہوں نے فرمایا ہے کہ اس کے سارے خاندان اور سارے کنبے کو ملتی ہے جو معصوم ہیں ' جن کا کوئی واسطہ تعلق نہیں' میں اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ پچھلے مارشل لاء دور میں ایک سانحہ نواب پور ہوا تھا ملتان کے قریب ' جو ملزم تھے ان کو سزا مل گئی ' جو بھی تھا ہو گیا ' مارشل لاء کا دور تھا ' لیکن ساتھ ساتھ ان کی propertyبھی ضبط ہو گئی ' جس کا نتیجہ آج ان کی دوسری generation چل رہی ہے ان کے بچوں کے بچے پیدا ہو رہے ہیں اور وہ بیچارے اچھے بھلے لوگ بھکاری بن گئے ' نہ ان کو تعلیم مل سکی' نہ ان کی شادیاں ہوسکیں' نہ وہ کوئی ایسا کام کر سکے اور پاکستان کی غربت میں مزید ایک اور غربت کا اضافہ ہو گیا ۔ تو میں چاہوں گا کہ لاءمنسٹر صاحب اس پر نظر فرمائیں' confiscation کا جو حصہ ہے وہ کاٹ دیں ' دوسرا اسی طور پر میں یہ کہوں گا کہ جو compensation ہے لوگوں کی جو injuries suffer کرتے ہیں یا injury ملتی ہے' اس میں میرے خیال میں limits مقرر کی جائیں کہ 10ہزار سے کم نہیں اور ایک لاکھ سے زیادہ نہیں ' فقط 10 ہزار لکھ دینا یہ میں سمجھتا ہوں غیر مناسب ہو گا ' کبھی injury زیادہ ہوتی ہے کبھی کم ہوتی ہے ' تو top limit بھی مقرر کر دی جائے اور minimum بھی ' اور پھر عدالت پر چھوڑ دیا جائے یا اس ادارے پر جس نے fix کرنا ہے کہ یہ damages ہیں ۔ تیسرے fine کی limits بھی ہونی چاہیئے ' fine کی limits ہونا بھی بہت ضروری ہے تا کہ اس میں بھی جو عدالت ہو۔ Fine کا limit نہ مقرر کرنا it can beunlimited وہ بھی count of productive ہو سکتی ہے۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی ڈاکٹر حئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ آج بھی تمام دنیا کے اندر خود ہمارے ملک کے اندر ریلوے جو ہے وہ سب سے بڑا mode of transportation ہے اور یہ حقیقت ہے کہ جتنا بڑا mode of transportation ہے اتنی ہی اس کی حالت خستہ ہے۔ اتنی ہی روز بروز اس کی جو صورت حال ہے وہ مسافروں کے لئے ' عوام الناس کے لئے تکلیف کا باعث بنتی جارہی ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہم کو کبھی یہ نہیں بتایا گیا کہ ریلوے نے کبھی کوئی منافع کمایا ہے۔ جب بھی اس کے بارے میں ذکر یہی بتایا جاتا ہے کہ یہ خسارے میں

ہے اور اس کا خسارہ ابھی تک پورا نہیں ہو رہا ہے ۔ یہ ہم عام لوگ اس میں اس طرح سمجھتے ہیں۔ یہ بھی اپنی جگہ حقیقت ہے کہ جب سے ملک بنا ہے ریلوے نے کوئی لائنیں بھی نہیں بچھائیں، کوئی نئی پٹڑیاں نہیں بچھائیں، کوئی نئی ٹرینیں کہیں جاری نہیں کیں، کوئی ایک آدھ فاسٹ ٹرین لاہور اور کراچی کے درمیان یا کوئی لاہور اور پنڈی کے درمیان باقی ملک کے اندرون تو کوئی ایسی بات نہیں ہے ۔ حالانکہ دنیا بڑے شہر میں بھی اپنے ٹرانسپورٹ کے جو مسائل ہیں وہ روڈ کی بجائے underground railway channels کے ذریعے حل کر رہے ہیں۔ جہاں بہت بڑی شہری آبادی ہے، جہاں surface پر، روڈ پر ٹریفک بہت ہے تو underground channels کے ذریعے، tube trains کے ذریعے وہ اپنے مسائل حل کر رہے ہیں کہ مسافروں کو مشکلات کم ہوں۔ مگر ہمارے ہاں میں سمجھتا ہوں کہ یہ واحد ادارہ ہے جس کی طرف حکومت کی بھی توجہ کم ہے۔ خود بھی یہ ہاتھی ادارہ بنتا جا رہا ہے جیسے جو بھی مل جائے یہ ہڑپ کر جاتے ہیں۔ اتنے بڑے ادارے ہیں۔ حیران ہو جاتے ہے کہ اتنا بڑا اس کا بورڈ ہے اتنے اس کے privileges ہیں۔ چھوٹے ملازمین کے لئے فوراً آ جاتا ہے کہ ان کو نکال دو یہ بوجھ ہیں ریلوے پر۔ یہ جو بڑے ہاتھی ہیں بڑے بورڈز کے جو ممبر ہیں۔ یہ چیئرمین، یہ سیکرٹری، ریلوے بورڈ پھر اور نیچے جاؤ اتنے بڑے high level کے جو officers ہیں بے شمار ہیں ان گنت ہیں۔ جو میں سمجھتا ہوں کہ میرے جیسا سیدھا سادھا آدمی بھی سمجھتا ہے کہ اس کی اتنی ضرورت نہیں ہے ۔ اس کا بوجھ کم کرو یہ جو huge administration ہے جو upper level کا غریب کا نہیں غریب کا جھگا مارو جو وہ چھوٹا ملازم ہے اس کو نکال دو۔ وہ احسان ہو جاتا ہے اس پر غصہ بھی جلدی آتا ہے۔ یہ جو بڑے level پر اتنا بڑا administration ہے۔ اس کو guide کریں اور ریلوے بورڈ ہے اس کو بھی سوچیں یہ صرف officials کے لئے نہیں ہو نا چاہئیے ۔ اس میں representative جو لوگ ہیں ان کو ہونا چاہئیے، عوام الناس کو ہونا چاہئیے جن کو تکالیف درپیش ہیں جو دربدر ہوتے ہیں جن کو دن لگ جاتے ہیں کوئی seat reservation کے لئے جن کے پاس ٹکٹ نہیں ہوتی ہے وہ دھڑا دھڑ ریلوے میں سفر کرتے ہیں بغیر ٹکٹ کے سفر کرتے ہیں۔ آخر اس طرح کا جو سلسلہ ہو گا کیسے یہ ریلوے کا نظام بہتر ہو گا؟ میں کہتاہوں کہ اس کے لئے بہت بڑے سوچ بچار کے ضرورت ہے ۔ کوئی اس کا مستقل حل سوچنا چاہئیے ۔

یہ جو Railway Act میں amendment پیش کی ہے۔ اس سے ان کے مسئلے حل

نہیں ہوں گے ۔جب تک اس کو over all اس کی ساری جو صورت حال ہے اس کا سنجیدگی سے حل تلاش کیا جائے۔ کمیشن کے ذریعے حل تلاش کیا جائے ۔ وہ لوگ جو ریلوے کے بارےمیں زیادہ جانتے ہیں اور عوامی نمائندے ان کے ذریعے حل تلاش کیا جائے۔ عوام الناس جو اس پر سفر کرتے ہیں جن کو روز مرہ مشکلات در پیش ہیں ۔ جن کے لئے ریلوے کے ڈبوں میں جب وہ لیٹرین میں جاتے ہیں تو پانی تک نہیں ہوتا ہے ۔ سیٹیں بھی ختم ہیں اور لائیٹیں نہیں ہوتی ہیں۔ بلب نہیں جلتے ہیں ۔ آدمی حیران ہے ۔ جو ریلوے سٹیشن پر کمائی کا ایک دھندا بنایا ہوا ہے ۔ جو چیز آپ نے ریلوے سٹیشن پر کھائی ایسا سمجھو کہ زہر کھایا ۔ وہ آدمی پھر سارا وقت پیٹ کا علاج کرتا رہے ۔ یہ ساری باتیں ان کا کوئی علاج اس بل میں نظر نہیں آ رہا ہے ۔ میں حیران ہوتا ہوں کہ زیادہ تر لوگوں کا رخ پی آئی اے کے ذریعے ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے کہ سب لوگ پاکستان میں مالدار ہو گئے ہیں۔ جو وہ کہتے ہیں کہ پی آئی اے میں چلیں۔لیکن یہاں ایک دن کی بجائے تین دن لگ جاتے ہیں وقت ضائع ہو جاتا ہے ۔ وہ جو مشکلات درپیش آتی ہیں وہ جو پیٹ خراب ہو جاتا ہے لوگ اس سے بھی ڈرتے ہیں۔ تو عرض یہ ہے کہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ road transportation جو ہے وہ کافی بڑھ گیا ہے۔roads کے اوپر کافی پریشر ہے ۔ تو اس کا بھی یہی حل ہو سکتا ہے کہ ریلوے کے نظام کو بہتر کریں کیونکہ اب سارا رخ جو ہے وہ roads کی طرف ہے۔ roads transportation کی طرف ہے۔ اور حکومت کا خیال بھی یہی ہے کہ roads زیادہ بن جائیں گے تو یہ ٹرانسپورٹ کا جو نظام ہے اس سے عوام کو آسانی ملے گی۔ ایسا نہیں ہے۔ ریلوے آپ کی ایک ضرورت ہے۔ ریلوے کا محکمہ میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے اندر سب سے اہم محکمہ ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ ریلوے کا نظام ملک کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ مگر اس کو بہتر کیا جائے اور اب یہ ابتری کی طرف جا رہا ہے۔ اب کراچی جیسے شہر ہے لاہور جیسے شہر ہے یہاں تو انڈر گراؤنڈ ریلوے tubes ہونے چاہئیں ۔ ہم tube trains سے تو رہے جو سروس ٹرین ہے اس کو بھی ٹھیک نہیں کر رہے ہیں ۔ تو میری اس بل کے بارے میں اتنی التجا ہے کہ یہ سو سال کے بعد 1890 کے بعد بلکہ ایک سو چار سال کے بعد جو آپ amendments لائے ہیں اچھی کوشش ہے مگر یہ ناکافی ہے ۔ اس سے اس کا نظام ٹھیک نہیں ہوگا۔ اس میں گڑبڑ بہت ہے۔ اس میں بہت مشکلات ہیں اور خاص طور پر جو بے چارے Third class ڈبے میں میرے جیسے بیٹھتے ہیں ان کے لئے تو بے پناہ مشکلات ہیں ۔ وہ لوگوں

کا ہجوم ہوتا ہے۔ نہ پورے ڈبے ہوتے ہیں نہ مسافروں کو وقت پر ٹکٹ ملتا ہے نہ کوئی reservation ہے۔ یہ ساری جو مشکلات ہیں ان ساری کا ازالہ کرنا چاہئیے اور یہ جو غریب لوگ جتنا ریلوے میں سفر کرتے ہیں ان کا بھی کوئی پرسان حال ہو۔ وہ بے چارے بھی ملک کے لئے indirect ٹیکس دیتے ہیں۔ بڑے سرمایہ دار تو ڈائریکٹ ٹیکسیشن کے ذریعے اکثر بچ جاتے ہیں۔ غریب بارہ کروڑ عوام اس ریلوے میں سفر کرتے ہیں ان کو تو کوئی بھی سہولت نہیں ہے۔ خدارا ان کا بھی سوچیں۔ جو indirect taxation کے بوجھ، جو مہنگائی اور بے روزگاری کے بوجھ کے تلے دبے ہوئے ہیں ان کا بھی سوچیں۔ اس کے لئے بھی کوئی علاج ڈھونڈیں۔ مزدوروں کا، کسانوں کا، دانشوروں کا، غریب طبقے کا اور مظلوموں کا اور چھوٹے ملازمین کا۔ میں یہ گزارش کرنا چاہتا تھا میں آپ کا مشکور ہوں۔

جناب چیئرمین - شکریہ جی۔ جی یحییٰ بختیار صاحب۔

Mr. Yahya Bakhtiar: Thank you very much, Sir. I just want to make a small submission that I have already sent a resolution that there should be no death sentence in any case whatsoever. But I am here saying now that one of the honourable member said, 'property should not be confiscated', I am not opposing that, but I am very much against death sentence for the simple reason that Police is not reliable. He may not be honest, witnesses cannot be depended upon, in a country like this it is a very big risk to impose death sentence. So, my only submission is that the death sentence should be changed into life imprisonment or imprisonment for 14 years, 15 years but no death sentence or in the alternative. I will submit that all those cases in which Quran permits death sentence that should be awarded but not in any other case. Thank you, Sir.

Mr. Chairman: Thank you. Hafiz Fazal Muhammad Sahib.

حافظ فضل محمد - شکریہ! سب سے پہلے جناب چیئرمین صاحب میں آپ کے توسط سے ان سے ایک شکوہ کرنا چاہتا ہوں کہ جب بھی کوئی اس قسم کا بل آتا ہے تو ہمیں اس

بل کا متن نہیں ملتا۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ سب کو اس بل کا متن مل جاتا تاکہ سب دیکھ لیں اور مطالعہ کر لیں ۔ اپنی صوابدید کے مطابق ، اپنی فراست اور استعداد کے مطابق اس میں اگر کوئی ترمیم لانا چاہے تو وہ لے آئے۔ لیکن یہ ہمیں کبھی بھی بل کا متن نہیں ملتا ہے۔ اس بل میں ترامیم کے حوالے سے ایک ہی ترمیم کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جو میرے خیال میں اکثر معزز سینیٹرز نے اٹھایا ہے۔ کہ جب جرم ایک کرتا ہے اور اس کی سزا دوسروں کو ملتی ہے۔ یہ کسی بھی صورت میں عدل اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق نہیں ہے۔ اور ایک لحاظ سے تو یہ کسی بھی صورت میں ہم پاس بھی نہیں کر سکتے ہیں کیونکہ آئین نے یہ ضمانت دی ہے ۔ کیونکہ یہاں جتنے بیٹھے ہیں الحمد للہ سب مسلمان ہیں ۔ ہم نے اپنے آئین کی پاسداری کرتے ہوئے الہی نصوص اور احکام کی پاسداری کرتے ہوئے کوئی بل ہم لا ہی نہیں سکتے ہیں جو قرآن اور آئین کے خلاف ہو۔ آئین میں بھی اس کی ضمانت ہے کہ اسلامی قواعد اور اسلامی اصول اور نصوص کے خلاف کوئی قانون سازی نہیں کی جائے گی۔ کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جائے گا جو قرآن اور سنتے کے خلاف ہو۔ اس حوالے سے قرآن کی صریح نصوص موجود ہے۔ جناب چیئرمین صاحب اللہ جل جلالہ کا قرآن مجید میں کئی مقامات میں یہ فرمان ہے۔

(عربی)

(ترجمہ) -- کسی انسان کے کسی جرم کی سزا اور اس جرم کی پاداش میں کسی اور کو پکڑنا یہ اصول الہیٰ اور احکام الہیٰ کے خلاف ہے ۔ ہمارے آئین کے بھی خلاف ہے ، قرآن کے بھی خلاف ہے اور میرے خیال میں کسی بھی مسلمان میں یہ جراٴت نہیں ہونی چاہیئے کہ احکام الہیٰ کو چیلنج کرتے ہوئے اس کے خلاف ہم قانون بنائیں گے ۔ تو اس سلسلے میں میں یقین سے کہتا ہوں اور قرآن اور احادیث کی روشنی میں کہتاہوں کہ اگر ہم اس قسم کے قانون بنائیں گے تو ہم سب مجرم ہوں گے ۔ اللہ کے ہاں سب مجرم ہوں گے ۔ لہذا اس قانون میں جو انہوں نے سزائے موت تجویز کی ہے اس مجرم کے لئے یہ تو صحیح ہے ۔ لیکن اس کی سزا جو اس کے خاندان کو ، پسماندگان کو ، ورثا کو ، یتیموں کو اور ان کی بیویوں کو دینا کہ ان کی پراپرٹی کو جائیداد کو ضبط کرنا جبکہ کسی مجرم کو موت کی سزا جب ان کو مل جاتی ہے تو وہ جب مر جاتا ہے تو اس کا تعلق جو ہے وہ اپنی جائیداد سے ختم ہو جاتا ہے ۔ یہ میراث جو ہے اس کی تمام دولت اور جائیداد جو ہے وہ ورثا اور خاندان کو منتقل ہوتی ہے ۔ تو پھر جب یہ

جائیداد اور دولت خاندان کی ہوتی ہے تو پھر اس کے جرم کی پاداش میں اسے چھین لینا یہ ہر صورت میں عدل اور انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے اور آئین کے بھی خلاف ہے اور قرآن کے بھی خلاف ہے ۔ اگر آزادی سے اور تنہائی سے غیر جانبدارانہ انداز سے سوچا جائے تو یہ عدل اور انصاف کے تقاضوں کے بھی خلاف ہے ۔ لہذا ہم درخواست کرتے ہیں کہ اس ترمیم کو قبول کر کے جو حزب اختلاف کے سینیٹروں کی طرف سے لائی گئی ہے منظور کیا جائے۔ باقی چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں ان پر میں بولنا نہیں چاہتا ۔ شکریہ !

جناب چیئرمین۔ شکریہ ۔ میرا خیال ہے ساڑھے بارہ بج چکے ہیں اب باقی کل پہ رکھیں۔

جناب رفیق احمد شیخ ۔ جناب میں ایک چھوٹی سی بات کرنا چاہتا ہوں ۔

چیئرمین۔ فرمائیے ۔

جناب رفیق احمد شیخ ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ

the moment the person is executed but before that the property is confiscated, therefore, it does not become the property of the childrens, or the widow or the parents. The law is very clear , Islamic law most particularly

کہ جب اس کی زندگی ہی میں وہ confiscate ہو جائے گی تو زندگی میں تو کوئی اس sense سے وارث ہوتا ہی نہیں death کے بعد لوگ وارث بنتے ہیں ۔ اس لئے یہ arguments جو advance کیا جا رہا ہے یہ صحیح نہیں ہے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ it would be a restraint for him to commit that offence کہ بھئی میرے بال بچوں کا کیا حال ہو گا he will have that consideration therefore this punishment provided is a very reasonable punishment .

جناب چیئرمین ۔ اگر کوئی مجرم جب اس پہ چارج لگے وہ گفٹ کر دے تو پھر کیا ہو گا؟ Supposing he gifts away his property the moment he is charged.

Mr. Rafiq Ahmed Shaikh: Let him do it.

Mr.Chairman: So that is permissible.

جناب رفیق احمد شیخ - وہ تو یہ بھی کر سکتا ہے کہ offence کرنے سے پہلے -

جناب چیئرمین- نہیں نہیں بعد میں -

جناب رفیق احمد شیخ - offence کرنے سے پہلے بھی کر سکتا ہے-

Mr.Chairman: After he is charged, after he is in jail he gifts away his property to whatever... he can.

جناب رفیق احمد شیخ - ہاں اس میں کیا ہے -

جناب چیئرمین- تو میرا خیال ہے یہ قانونی مشورہ ان کو دینا چاہئیے -

جناب رفیق احمد شیخ - ٹھیک ہے میں تو اس argument کی بات کر رہا ہوں وارثوں والی بات کے بارے میں -

جناب چیئرمین- مفت مشورہ دے رہے ہیں تمام مجرمین کو- جناب منظور احمد گچکی -

جناب منظور احمد گچکی - جناب چیئرمین! مسئلہ یہ ہے کہ دولت دو طریقے کی ہوتی ہے جس طرح کہ شیخ صاحب نے کہا- میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک وہ ہے کہ جو موروثی ہے ایک وہ ہے جو اس نے خود کمایا ہوا ہے- اب جو اس نے خود کمایا ہوا ہے اس کو تو confiscate کرنے کی بات سمجھ میں آتی ہے- لیکن جو موروثی جائیداد یا اس کی پراپرٹی ہے he is just a trustee وہ اگر آپ اس کو دونوں کو اکٹھا کر کے کریں گے تو آپ اس کی جو اولاد ہے اس کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں - اس لئے کہ وہ تو اولاد میں ہمیشہ سے ٹرانسفر ہوتی رہتی ہے اولادوں پر ' پھر ان کی اولاد میں اور اگر اس نے خود کمایا ہوا ہے تو اس کو آپ کریں - پہلی بات یہ ہے کہ اس کے علاوہ بھی شیخ صاحب خود کمیٹی کے چیئرمین ہیں ریلوے کی کمیٹی کے اور ہم اس کے ممبر ہیں - جناب والا ہم نے ریلوے کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا اور اس کے بعد ہم نے تمام تفصیلات جب لیں تو میں یہ کہوں گا کہ اگر کسی وقت آپ بھی چلیں تو آپ حیران ہوں گے کہ ریلوے کے ساتھ کیا کچھ ہو رہا ہے - جناب چیئرمین اس کی پراپرٹی جو ہے اس کی encroachment ہو رہی ہے مکمل طور پر ہر جگہ - کوئی پوچھنے والا نہیں ہے - یعنی

پروونشل ایڈمنسٹریشن کا یہ کہنا ہے کہ ریلوے کی پراپرٹی کو کوئی دیکھنے والا نہیں ہے ۔ ہر آدمی آ کر اس پر قبضہ کر لیتا ہے اور اس کے بعد وہ پھر اسی کی ہو جاتی ہے ۔ مسئلہ یہ ہے جناب والا کہ ایک ادارہ جو پہلے خسارے کا ادارہ نہیں ہوتا تھا ۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ آج جو لائنیں اس وقت بند پڑی ہوئی ہیں یعنی انگریزوں کے دور میں تو وہ لائنیں کھلی تھیں لیکن پاکستان بننے کے بعد بہت سی ایسی لائنیں ہیں کہ جو بند کر دی گئی ہیں ۔ ترقی تو اپنی جگہ پر ہے بلکہ اس حد تک یہ نیچے چلا گیا ہے کہ اب چار ارب یا پانچ ارب روپے کا خسارہ ہوتا ہے ۔ اب گورنمنٹ کو تو ایک پالیسی بنانا ہی پڑے گی ریلوے کے بارے میں ۔ ریلوے کے بارے میں آپ کو کوئی نہ کوئی پالیسی تو بنانا ہے کہ اس کو چلانا ہے تو کیا گورنمنٹ چلائے یا پرائیویٹ سیکٹر میں دے دے اور ریلوے کے ineffective ہونے کی وجہ سے آج جو سڑکیں کا حال دیکھیں۔ سڑکوں کا تو یہ ہوتا ہے کہ وہ وزن کے لحاظ سے سڑکیں بناتے ہیں کہ ساٹھ ٹن یا پچاس ٹن یا سو ٹن تک کی گاڑی اس پر چلتی ہے ۔ لیکن اگر اس میں ٹریفک کا flow اتنا زیادہ ہو کہ وہ بہت زیادہ ہو تو یقیناً وہ سڑک ٹوٹ جاتی ہے ۔ ریلوے واحد ایک ایسی چیز ہے کہ ایک تو pollution اس میں کم ہوتی ہے ریلوے کی وجہ سے کیوں کہ ایک ٹرین کے چلنے سے اتنا pollution نہیں ہوتا جتنا سو یا دو سو یا چار سو گاڑیوں کے چلنے سے pollution ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس ملک میں ریلوے کے نظام کو بہتر بنایا جائے تو اب یہ کام ہے حکومت کا کہ اس طریقے سے کون سی پالیسی بنائے ۔ لیکن میں گزارش یہ ہے کہ یہ حکومت کے بس کی بات نہیں ہے ریلوے چلانا ۔ اس لئے کہ کرپشن جناب والا اس قدر ریلوے میں ہے' ویسے سوسائٹی کے اندر تو ماشاء اللہ بڑی ریل پیل ہے کرپشن کی لیکن ریلوے میں اس قدر کرپشن ہے جس کی کوئی انتہا نہیں ہے ۔ اس کو آپ اس صورت میں discourage کر سکتے ہیں کہ آپ ریلوے کے مختلف سیکٹرز کو پرائیویٹ لوگوں کے حوالے کر دیں ۔ آپ نہیں چلا سکتے تو مفت کا پانچ ارب چھ ارب کا ہر سال خسارہ کیوں برداشت کر رہے ہیں اور خسارے کے علاوہ develop بھی نہیں ہوتا اگر یہ پانچ ارب آپ دے بھی دیں ان کو خسارے کا تب بھی نہ نئی بوگیاں بن سکتی ہیں ' نہ نئے انجن ہیں ' ہم گئے ہیں وہاں پر ہم نے ان کی فیکٹری دیکھی اور ورکشاپ دیکھی ہے ترس آتا ہے جناب والا آپ گھوم نہیں سکتے ۔ ہم حیران ہیں کہ یہ نظام کیسے چل رہا ہے؟ یعنی اس طریقے سے تو نہیں چلتا۔ شکریہ بہت بہت ۔

جناب چیئرمین۔ تو پھر میرا خیال ہے کہ باقی کل پر رکھ لیں؛

Mian Raza Rabbani: General discussion in any case or the first reading is over. If we keep it tomorrow I will just take 10 minutes because we are trying to trace the history also of the Ordinance of 1959. Tomorrow the Ministry would have been able to do that also. I will take 10 minutes and than we can go the Sencond and third reading.

Mr. Chairman: Now we proceed to the next item. Anything else.

Mian Raza Rabbani: Sir there is the call attention notice..

Mr. Chairman: We will take it up at the end of the day at 1.30 p.m.

Mian Raza Rabbani: But we will be suspending the Order Of The Day for Karachi.

Makhdoom Shahab-ud-Din: Sir, I would be grateful if call attention is taken right now.

Mr. Chairman: OK. Call attention notice from Anwar Bhinder Sahib.

CALL ATTENTION NOTICE

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir I draw the attention of the Minister-in-Charge for Establishment Division to a matter of sufficient public importance regarding the reported policy of the Government to recruit officers in B-16 and above in the CBR without recommendations of the Federal Public Service Commission.

جناب چیئرمین۔ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں اس سلسلے میں؛

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! گزارش یہ ہے کہ عرصہ دراز سے یہ ایک پریکٹس چلی آئی ہے کہ گریڈ 16 اور 16 سے اوپر کے تمام ملازمین فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے ذریعے سے لئے جاتے ہیں اور اس کا پس منظر اگر دیکھا جائے ' اس کا جواز اگر دیکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اچھی روایت تھی اور یہ سروسز کے لئے کم از کم ایسے آدمی لانے کا ایک ذریعہ تھا جو competent ہوں merit پر deserve کرتے ہوں ان کو لیا جاتا تھا اور پبلک سروس کمیشن پہلے posts کو advertise کرتی ہے ۔ advertise کرنے کے بعد ان کا ایک امتحان ہوتا ہے ' امتحان میں ان کا merit پرکھا جاتا ہے ۔ merit پرکھے جانے کے بعد پھر ان کا انٹرویو لیتے ہیں اور پھر ان کو ذاتی طور پر دیکھتے ہیں اور پھر selection ہوتی ہے اور عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ اس selection میں زیادہ تر competent لوگ اور deserving لوگ بھرتی کئے جاتے ہیں۔ اس سسٹم میں ایسے لوگ آتے ہیں جو قوم کے لئے ' محکموں کے لئے ایڈمنسٹریشن کے لئے مفید ثابت ہوتے ہیں اور اس لحاظ سے ملک کی بھی خدمت ہوتی ہے۔لیکن موجودہ حالات میں16,17 اور 19 گریڈ کے ملازمین سی بی آر میں بھرتی کرنے کے لئے یہ ایک نیا طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ شاید اس سلسلے میں صدر صاحب نے ایک notification جاری کیا ہے' جس کے تحت سی بی آر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ان گریڈ میں نئے آدمی بھرتی کرلیں۔

جناب والا ! اس کے متعلق بہت سارے شکوک و شبہات ہیں اور عوام میں یہ تاثر ہے کہ شاید اتنی بڑی بڑی posts کے لئے اب بغیر امتحانات ' بغیر merit اور کسی اہلیت کے لوگوں کو بھرتی کیا جائے گا ۔ اس طریقہ کار میں نوازنے کی یقینی طور پر گنجائش ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ طریقہ کار اپنانے کی اور کوئی غرض نہیں ہو سکتی ہے ۔ میں عرض کرتاہوں کہ اگر جلدی سے جلدی ملازمین بھرتی کرنے مقصود ہوں تو پبلک سروس کمشن کو یہ ہدایات دی جا سکتی تھیں کہ اس محکمہ سےمتعلق ملازمین کی بھرتی کے بارے میں ایک مہینے میں امتحانات لے کرrecommendations بھیج دیں۔ اس طریقہ کار سے بھی ان ملازمین کو رکھا جا سکتا تھا یا recruit کیا جا سکتا تھا ۔ لیکن اس صورت حال سے عوام کے ذہنوں میں یہ شکوک و شبہات ہیں کہ اس طریقہ کار سے یہاں وہ لوگ لئے جائیں گے جن کو حکومت پسند کرتی ہے یا جن لوگوں کو حکومت ان grades میں لانا چاہتی ہے ۔ پھر جناب والا! یہ ملازمین کوئی ایسے نہیں ہیں کہ یہ کوئی چپڑاسی وغیرہ ہیں یا کوئی چھوٹے چھوٹے ملازمین ہیں ۔ یہ بڑے ملازمین ہیں '

اچھی تنخواہیں لینے والے لوگ ہوں گے، ذمہ دار لوگ ہوں گے اور ان کو اگر merit پر نہ لیا گیا تو یہ خدشہ ہے کہ اس طریقہ کار سے نا اہل لوگ آئیں گے اور اس میں وہ لوگ بھرتی کئے جائیں گے جو منظور نظر ہوں گے۔

جناب والا ! اس کے علاوہ دوسری بات یہ ہے کہ آج تو سی بی آر کا معاملہ ہے لیکن کل ایجوکیشن کا محکمہ آ جائے گا، پرسوں health کا آ جائے گا، ترسوں شاید general administration کا آ جائے گا اور اس طرح سے پیشتر cadres، جو CSP کلاس کہلاتی تھی یا یہ لوگ جو DMG گروپ کہلاتے ہیں، شاید اس کے متعلق بھی کوئی notification آ جائے کہ ان لوگوں کو بھی بھرتی کرنے کا اختیار کسی ایک محکمہ کو یا کسی ایک بورڈ کو دے دیا جائے۔ میں عرض کرتاہوں کہ یہ ایک اچھی روایت نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ روایت ملکی adminstration کے لئے اورنظم و نسق کے لئے بہتر نہیں ہوگی۔ یہ لوگ آنے والوں وقتوں میں بھی ملازمت کریں گے، صرف یہ نہیں ہے کہ جیسےکلنٹن adminstration ہے کہ اپنے آدمی بھرتی کر لیں۔ اس لئے یا تو آپ اپنا سسٹم بدل لیں اور یہ سسٹم لے آئیں کہ جو بھی وزیر اعظم آئے، وہ سارے اپنے آدمی لے آئے اور جب جائے تو وہ اپنے ساتھ ہی ان آدمیوں کو لے جائے لیکن ان آدمیوں نے تو آئندہ آنے والے وقتوں میں بھی کام کرنا ہے اور تجربہ یہ ہے کہ اب نظم و نسق کی حالت یہ ہو گئی ہے کہ جو لوگ آئندہ services میں آ رہے ہیں، ان میں lower level اور اوپر کے level کے ملازمین کا معیار اور اہلیت وہ نہیں ہے، جو پہلے ہوا کرتا تھا۔ اسی وجہ سے ملک کی administration اورنظم و نسق دن بدن روبہ تنزل ہے۔ اس لئے میں نے یہ call attention notice دیا ہے کہ ہمارے ملک میں وقتی طور پر بھی اور آنے والے وقتوں میں بھی حالات کا تقاضا یہ ہے کہ merit پر ملازمین لئے جائیں اور merit پر ملازمین بھرتی کئے جائیں اور اس سسٹم کو adopt نہ کیا جائے اور اس سسٹم کے لئے جاری کیا گیا notification واپس لیا جائے اور جس طرح سے پہلے نظام تھا کہ پبلک سروس کمشن کے ذریعہ لوگوں کو بھرتی کیا جائے، یہ جاری رکھا جائے، یہی سسٹم درست ہے اور یہی رہنا چاہیے۔

جناب چیئرمین۔ وزیر مملکت برائے خزانہ ۔

Makhdoom Shahab-ud-Din: Thank you very much, Sir.

Sir, this is being under special circumstances. I remember Sir, that during my Budget Speech I had said that there is a complete unanimity in the Government for early implementation of a broad based type, value-added type taxation system and that needs to be implemented. The Government is very serious about introducing this new set up and for doing so, we have to take some administrative and for that Sir, we have to revamp the Sales Tax department, that is very important. Now, Sir, for doinig that we had to initiate certain measure. What are those measures. First of all, Sir, we will have to recruit professionals. Now the question is why do we want to recruit these professionals on urgent basis. Sir ,the requirement is that in the next financial year, we have to introduce this new methodology of sales tax. What happens is that the situation as it obtains today, these recruitments fine they are done by the Federal Public Service Commission but that process takes about three years,. frist the recruitment through the CSS, then professional training that should take another two years. Sir, the problem is that we have to implement this on urgent basis. So, what we have done is that the competent authority and that is the President has allowed dispensation on one-time basis only and then there is a limit also, a time peiod has been stipulated also that all this activity has to happen within 9 months. It is not something that this will keep on happening till kingdom comes. There is a limitation period on that and Sir, this Committee which is going to select these recruits it is a high level committee, the Foreign Secretary, Secretary Establishment and one of the nominees of Chairman of the Federal Public Service Commission. It is a high level body, Sir, and qualifications, Sir, required are first of all, they will have to be Postgraduates and they would have qualified in these subjects - Commece, Statistics, Mathematics ,economics,.they would not be simple B.As. They will be

professionals. So, under the circumsances, Sir, I would request my honourable learned friend that his apprehensions are slightly ill-founded and this system will not continue for ever. This is just one-time basis only and this has to be done within 9 months. Thank you very much.

Mr. Chairman: Now we proceed to the next item. Pleae move it.

Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Busines in the Senate, 1988, the requirements of Rule 27 of the said Rules be dispensed with to enable the Hosue to continue the discussion on the following motion moved by Raja Zafarul Haq on 9.7.1995 under Rule 194:

The Senate may discuss the deteriorating siuation in Karachi and evolve ways and means to resolve it.

(The motion was adopted)

Further discussion on the law and order situation in Karachi.

Mr. Chairman: The motion is adopted. Dr. Javed Iqbal Sahib.

میرے خیال میں کل فضہ جونیجو صاحبہ نے تقریر کی ۔ اب ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب۔

جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر جاوید اقبال۔ جناب چیئرمین اس موضوع پر خاصی طویل بحث ہو چکی ہے۔ جس طرح ظاہر ہے اس ہاؤس کا consences یہی ہے کہ جو گفت و شنید آپس میں ایم کیو ایم اور حکومت کی ہو رہی ہے وہ نتیجہ خیز ثابت ہو اور کامیاب ہو۔۔۔

(اس مرحلے جناب محمد انور بھنڈر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر جاوید اقبال۔ اس بحث میں ایک دو نکات ایسے ہیں جن کے متعلق میرا خیال ہے کہ ہمیں اپنی مخصوص سوچ کو بدلنے کی ضرورت ہے ۔ پہلی بات یہ ہے کہ اس بحث کے دوران کہا گیا ہے کہ بانیان پاکستان کے نزدیک اسلام یا مسلم قومیت کا ہی اصول

تھا جس کی بنیاد پر یہ وطن قائم کیا گیا اور دوسری بات جو کہی گئی وہ یہ تھی۔ پاکستان کو قائم ہونے اب تقریباً پچاس سال ہو گئے ہیں ۔ لیکن ابتداً کہیں مہاجر قومیت کا تصور موجود نہیں تھا۔ یہ کیونکر وجود میں آگئی ۔ اس ضمن میں یہ بھی کہا گیا کہ پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے۔ میں افسوس سے کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے یہاں یہ ایک روایت بنتی چلی جارہی ہے کہ یہاں نظریہ آپ اپنے مقصد کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ یعنی اس سے بھی ہم باز نہیں آتے اس اعتبار سے دیکھا جائے تو جو بھی نظریاتی مملکت ہوگی اس کے نظریئے کے متعلق یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ نظریہ ایک ایسی چیز ہے جو کہ ہر حالت اور ہر لمحے قائم رہنا چاہئیے۔ یا اس میں کوئی بھی تغیر و تبدل ہونا چاہئیے۔

Mr. Presiding Officer: Order please! No consultation inside the House. Yes please.

جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر جاوید اقبال، یا نظریہ بجائے خود flexible ہونا چاہیے چونکہ وقت کے ساتھ ساتھ اس میں بھی تغیر و تبدل آنے کا امکان ہے۔ آپ نے دیکھا ہے کہ نظریاتی اساس اگر اسلام پر تھی تو اس ضمن میں قائد اعظم کے جو ارشادات ہیں۔ ہم نے ان پر کس حد تک عمل درآمد کیا ۔ قائد اعظم نے ارشاد فرمایا تھا ۔ کہ پاکستان کی ایک ہیزبان ہوگی اور وہ اردو ہوگی ۔ لیکن بنگالیوں نے اسے قبول نہیں کیا۔ اور اسی بنا پر پاکستان نے ، اس وقت بنگال بھی آپ کے ساتھ تھا ۔ یا مشرقی پاکستان بھی آپ کے ساتھ تھا۔ تو اس وقت دو زبانیں National languages قرار دی گئیں ۔ ایک بنگلہ اور دوسری اردو ۔ پھر ، اس کے بعد قائد اعظم نے ارشاد کر رکھا تھا کہ ایک وقت آئے گا جب کہ آپ پنجابی نہیں ہوں گے ، پختون نہیں ہوں گے ، بلوچ نہیں ہوں گے اور سندھی نہیں ہوں گے ، ایک قوم ہوں گے وہ پاکستانی قوم ہوگی ۔ لیکن یہ قومیتیں کس نے پیدا کیں ؟ یہ قائد اعظم نے پیدا نہیں کیں ۔ یہ اس نظریاتی اساس میں جس پر یہ ملک قائم ہوا موجود نہیں تھیں ۔ اس وقت تو اسلام ہی ایک تصور تھا جس کی بنیاد پر یہ ملک وجود میں آیا۔ تو قائد اعظم نے یہ بھی کہہ رکھا تھا کہ

Muslims will cease to be Muslims and Hindus will cease to be Hindus not in the

لیکن ہم نے یہاں اسلام کی کیا ہئیت بنا رکھی ہے ۔ یعنی جو ہماری نظریاتی اساس تھی یہاں اس وقت قومیتیں تو موجود ہیں۔ سندھی ، پنجابی ، بلوچ اور پختون قومیتیں موجود ہیں۔لیکن وہ مسلمان جنھوں نے اس ملک کو بنایا تھا ان کی قومیت کہاں گئی ؟ وہ کہاں غائب ہوگئی؟ اس بنا پر اگر یہ کہا جائے تو درست ہو گا کہ اس اصول پر بھی ہم نظریاتی اساس میں تغیر لے آئے ہیں۔ قومیتیں ہم نے بنائی ہیں ۔ قومیتیں اس وقت موجود نہیں تھیں جب پاکستان وجود میں آیا ۔ یہ کہنا کہ پہلے تو ہم نے مہاجر قومیت کا کبھی نام نہیں سنا تھا یہ اب کیسے وجود میں آگئی ؟ سوال یہ ہے کہ اگر آپ نے دیگر قومیتیں بنا رکھی ہیں ۔ تو ان کی identification ہی سوائے اس کے اور کوئی نہیں۔ کہ مہاجر ہیں ۔ میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اس قومیت کے وجود کو پہلے تسلیم کریں ۔ کیونکہ آپ دوسری قومیتوں کو خود قائم کرنے والے ہیں۔ اگر قومیت کے اس اصول کو آپ اپنے سامنے رکھتے ہیں تو ظاہر ہے کہ یہ قومیتیں کیوں پیدا ہوئیں ۔ ؟ قومیتیں پیدا ہوتی ہیں محرومیوں کے سبب ۔ اگر محرومیاں نہ ہوں تو قومیتیں پیدا نہیں ہوں گی میں ایک مثال آپ کو دے رہا ہوں۔ بے نظیر صاحبہ کی حکومت سے پیشتر حکومت تھی اس دوران میں ایک سندھی جج صاحب تھے جو میرے بہت ہی عزیز دوست ہیں ۔ تو اس وقت صورت یہ تھی کہ جو اقتدار تھا اس میں فرنٹیئر والو ں اور پنجاب والوں ، نے share کر رکھا تھا ۔ یعنی صورت یہ تھی کہ اگر صدر پختون یا فرنٹیئر کا ہے تو وزیر اعظم پنجاب کا تھا ۔ اگر سینٹ کے چیئرمین پنجاب کے تھے تو ڈپٹی چیئرمین بلوچستان کا تھا ۔ پھر اس کے بعد جو سپریم کورٹ کے چیف جسٹس تھے وہ اس وقت اردو سپیکنگ تھے۔ اگر سپیکر تھے تو وہ بھی پختون یا ہزارہ کے تھے۔ اور اگر محتسب کا دفتر تھا تو اس پر بھی پنجاب کے فرد فائز تھے ۔ تو مجھے اس دوست نے کہا کہ سائیں سندھ کہاں ہے --- ؟ چونکہ یہ تو سارا اقتدار آپ نے ہی بانٹ لیا ہے۔ میرا اس طرح کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ان کو محرومی کا احساس تھا کہ اس power sharing میں ہمارا حصہ کہا ں ہے ؟ تو اسی طرح مہاجر بھی یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم بھی اسی ملک کے شہری ہیں اور ہمارا جو power میں share یا حصہ ہے وہ کہا ں ہے ؟ وہ اپنا حصہ مانگ رہے ہیں اور اسی بات پر ہی وہ اپنے مطالبات پیش کر رہے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ نظریاتی اساس کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرنا جہاں suit کرتا

ہو وہاں یہ کہنا کہ بھئی اس ملک کی بنیاد تو اسلام پر رکھی گئی ہے اس لئے آپ سندھ میں مہاجر قومیت کیوں بنتے ہو یا مہاجر قومیت ہونے کا دعویٰ کیوں کرتے ہو؛ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک غلط بات ہے۔ قومیتیں ہم نے خود پیدا کر رکھی ہیں اور اس کا خمیازہ بھی بھگت چکے ہیں چونکہ اسی قومیت کی بنیاد پر ہی بنگلہ دیش بنا۔ اور یہ ملک دو لخت ہوا۔ تو نظریاتی اساس کو ہم نے قائم نہیں رکھا۔ صرف اسلامی قوانین بنائے ہیں اور اسلامی قوانین کس شکل میں ہیں وہ بھی آپ کے سامنے ہے کہ ہماری statute book پر یہ cosmetic laws ہیں جو implementable نہیں ہیں۔ یہ صرف اسی طرح ہے جیسے کوئی ہمارے statute book پر سرخی پوڈر لگا دے یہ حد ہے جو ہم نے اسلام کو اس ملک میں دے رکھی ہے۔ باقی اس کے علاوہ مسلم قومیت کا وجود تو مجھے کہیں نظر نہیں آتا۔ دیگر قومیتیں definitely موجود ہیں۔ اور وہ اپنے حقوق کے لئے لڑتی ہیں۔ وہ اپنے حقوق کا مطالبہ کرتی ہیں۔ اور جب وہ حقوق کا مطالبہ کریں تو جو حکومت وقت ہو اس پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ان کے حقوق کی تحصیل کے لئے کوئی بندوبست کیا جائے۔ اس ضمن میں، میں سمجھتا ہوں کہ ہم ایک دفعہ پھر اس اتحاد کو وجود میں لا سکتے ہیں جو کہ ملک کے بنیادی تصور میں موجود تھا اور وہ یہی ہے کہ جس وقت بھی کوئی قومیت یہ مطالبہ کرے کہ میرے حقوق پورے نہیں ہوتے تو حکومت وقت پر پریشر ڈالا جائے کہ ان کے مطالبات کو منظور کرے۔ آپ نے دیکھا ہے کہ یہاں جس وقت ذکر کیا گیا، حکومتی حلقوں کی طرف سے یہ نکتہ بیان کیا گیا کہ دیکھئے صاحب اس جماعت میں یہ جو دہشت پسند ہیں اور دہشت پسندی کا تحفہ جو ہے وہ دیا جا رہا ہے ایم کیو ایم کو کہ وہ بے دریغ مار رہے ہیں اور پنجابیوں کو اور پختونوں کو اور بلوچوں کو تو سوال یہ ہے کہ وہاں بھی یہ نہیں ذکر کیا جاتا کہ مسلمان مسلمان کو مار رہا ہے وہاں بھی قومیتوں کا ہی ذکر کیا جا رہا ہے قومیتوں کو ہی اکسایا جا رہا ہے ایم کیو ایم کے خلاف۔ یہ تو حقیقت ہے کہ جہاں اس طرح کی خون ریزی ہو گی وہاں جو بھی موجود ہیں جو بھی مکین ہیں وہ مارے جائیں گے۔ اور اس کی figures آپ کے سامنے ہیں۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس قسم کے ارشادات سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ اگر ہم یہی تسلیم کرتے چلے جائیں کہ قومیتوں کا وجود غلط ہے اور خصوصی طور پر مہاجر قومیت جو ہے وہ قومیت نہیں بلکہ پچاس سال سے یہیں رہ رہے ہیں اس لئے ان کو ہماری ہی طرح اپنے آپ کو محسوس کرنا چاہیئے تو یہ غلط بات ہے آپ نے دیکھا ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہندوستان میں اپنا سب کچھ لٹا کر پاکستان کی تحریک میں حصہ لیا اور

پھر سب کچھ لٹا کر یہاں اس ملک میں آئے جس طرح بہار کے جو مسلمان تھے وہ بنگہ دیش میں جا کر آباد ہوئے ۔ تو جس وقت بنگالی نیشنلزم نے فروغ پایا ' بنگالی عصبیت نے فروغ پایا تو وہاں بہاریوں کی کیا حالت کر رہے ہیں وہ کہتے ہیں جاؤ یہ پاکستانی ہیں ٹھیک ہے پاکستانی ہیں اس وقت کے پاکستانی ہیں جس وقت یہ پاکستان ایک تھا ۔ لیکن جب اس قسم کی عصبیت نے وہاں جوش پکڑا تو وہ انہیں قبول کرنے کو تیار نہیں۔ اب یہ حشر ان کا ہو رہا ہے وہ کیمپوں میں وہاں پڑے ہوئے ہیں۔ مہاجر قومیت جو پاکستان میں موجود ہے یہ بھی ایک اعتبار سے انہی کی طرح ہے اور ان سے انہوں نے سبق سیکھ رکھا ہے کہ ہم بھی سب کچھ لٹا کر یہاں پاکستان میں آئے ہیں اور اگر آپ نے ہمارے مطالبات جو کہ جائز ہیں ان کو قبول نہ کیا تو پھر حالت ان کی بھی وہی ہو گی اگر اپنے آپ کو یہ defend نہیں کرپائیں گے تو نتیجہ ان کا بھی یہی ہو گا کہ یہ کیمپوں میں آباد رہیں گے ۔ یہ کبھی بھی آگے progress نہیں کرسکیں گے۔

پاکستان کے تصور کا مطلب یہی تھا کہ جو بھی مسلمانان برصغیر ہیں اور بالخصوص ان حصوں میں جہاں ان کی اکثریت ہے ان کا اپنا اقتدار اور ان کی اپنی حکومت قائم ہو تو اس اصول کے مطابق قومیتیں جو ہیں وہ بنیادی طور پر تو مسلمان ہی ہیں اس وجہ سے ان کے حقوق کو تسلیم کرنا اور ان کے حقوق یا ان کے مطالبات کو منظور کرنا حکومت وقت کی ذمہ داری ہے ۔ اس اعتبار سے میں یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ آپ اس طرح مذاکرات کی میز پر مت جائیے ان نظریات کے ساتھ کہ چونکہ نظریہ پاکستان اسلام ہے اس وجہ سے جو بھی اپنے آپ کو قومیت کہے گا وہ ہمیں نامنظور ہے ۔ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ ہم اس نظریئے کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کر رہے ہیں ۔ قومیتیں ہم خود بنا چکے ہیں' قومیتوں کو تسلیم کرنا چاہیئے کیونکہ یہ ایک حقیقت ہے ۔ اور اس نظریئے میں اتنی flexibility ہونی چاہیئے کہ وہ قومیتوں کے اصول کو تسلیم کرے ۔ اسی طرح یہ کہنا کہ 50 سال پہلے تو مہاجر موجود نہیں تھے اب کیوں وجود میں آگئے ' صورت یہی ہے کہ جس وقت انہیں محرومیوں کا احساس ہوا وہ ایک قومیت بن گئے ۔ اسی طرح کئی اور قومیتیں بھی وجود میں آسکتی ہیں جہاں بھی کسی کو محسوس ہوگا کہ مجھے احساس محرومی ہے وہ قومیت بن جائے گی ۔ اور آپ میں اتنی فراخدلی ہونی چاہیئے کہ اس قسم کی قومیتوں کو قبول کریں اور ان کے مطالبات پر نظر ڈال کر منظور کرنے کی کوشش کریں۔ جو مطالبات بھی انہوں نے پیش کئے ہیں بالخصوص 18 نکات ' ان میں سے اکثر ایسے ہیں جنہیں ایک طرح سے فوری طور پر یا

short term کے طور پر نافذالعمل کیا جا سکتا ہے ۔ بعض دوسرے ہیں جن پر long term کے تحت سوچا جا سکتا ہے اور long term پالیسی میں جو سب سے اہم مطالبہ ہے وہ مردم شماری کا ہے اور مردم شماری کا.جب تک کوئی طریقہ کار وضع نہ کیا جائے جو انہیں بھی قابل قبول ہو اور حکومت وقت کو بھی قابل قبول ہو ' اتنی دیر تک وہ long term policy کے طور پر رکھا جا سکتا ہے باقی ان کے ایسے مطالبات جو short term کے مطابق ہیں ان کو تو منظور کر لینے میں کوئی حرج نہیں۔ ان کی تفصیل میرا خیال ہے بھائی آفتاب نے آپ کے سامنے بیان کر دی ہے اور ان میں زیادہ تر میونسپل elections یا صوبائی انتخابات یا قومی انتخابات کے متعلق ہیں جہاں ان کی نمائندگی نہیں یہ نمائندگی فوری طور پر بحال کی جا سکتی ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ حکومت کو اس میں کوئی پس و پیش ہونی چاہیئے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ ان مطالبات کو سامنے رکھتے ہوئے مجھے بڑا تعجب ہوا اور میرا خیال ہے میرے اور بہت سے احباب کو بھی تعجب ہوا کہ حکومت اپنے اکیس مطالبات کس طرح لے آئی ہے ۔ کیا یہ دوملکوں کے درمیان بات چیت ہو رہی ہے ؟ کیا پیشتر اس کے کہ جناح پور بنے آپ نے جناح پور بنا لیا ہے یہ کہہ کر کہ تم اپنے مطالبات دو ہم اپنے مطالبات دے رہے ہیں اور یہ کوئی معاہدہ ہو رہا ہے ؟ جناب یہ معاہدہ نہیں ہو رہا ۔ یہ ایک قومیت کے مطالبات ہیں جس کو احساس محرومی ہے اس کے مقابلے میں آپ جو اپنے مطالبات لا رہے ہیں ان کی کیا حیثیت ہے ؟ یہ تو بالکل وہی بات ہے کہ ہم آپ کے مطالبات کو تسلیم نہیں کرتے کیونکہ ہمارے اپنے مطالبات ہیں ۔ یہ خوب ہے ' کیا حکومت کو بھی احساس محرومی ہے ؟ یہ ایک تضاد ہے ۔ میں حیران ہوں کہ حکومت کو اس قسم کے مشورے کون دیتا ہے ؟ کہ اگر انہوں نے 18 نکات پیش کئے ہیں تو تم اپنے 21 نکات پیش کرو ۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ آپ اس مکالمہ میں سنجیدہ نہیں ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو حزب اختلاف ہی کے دباؤ کے تحت seriousness قبول کرنی پڑی ۔ ہم نے شروع سے یہی کوشش کی ہے اور اب بھی یہی کر رہے ہیں ۔ ہمارا دباؤ حکومت پر بدستور رہے گا کہ وہ ایم کیو ایم کے مطالبات کو تسلیم کریں اگر مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو پھر اپوزیشن اپنے طریقے پر اس پر سوچ بچار کرے گی کہ اس کو کیا لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیئے لیکن جب تک حکومت اور ایم کیو ایم کے مذاکرات آپس میں جاری ہیں ہم اس مسئلے پر سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہنا چاہتے کہ ہماری دعائیں ان کے ساتھ

ہیں ۔ کہ یہ مطالبات منظور کر لئے جائیں اور اس ملک کو اس مصیبت سے نجات دلائی جائے اور پاکستان میں یہ جو دردسری ہم نے قبول کر رکھی ہے اس کو کسی نہ کسی طریقے سے رفع کیا جائے۔ اس بخار کو اتارا جائے ایک مرتبہ سنجیدگی کے ساتھ آپ نے یہ مسائل حل کر دیئے تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ دیگر مسائل بھی حل ہو سکیں گے یہ ملک ایک دفعہ پھر اسی ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا جو کہ صحیح معنوں میں اس کا حق ہے۔ میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہنا چاہتا یہی چند نکات تھے جو میرے ذہن میں تھے میں نے سوچا میں آپ کے گوش گزار کر دوں۔ شکریہ!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شکریہ، مخدوم سید حامد رضا گیلانی۔

مخدوم سید حامد رضا گیلانی۔ جناب، اس مسئلے پر پچھلے کئی دنوں سے بلکہ اب تو کہنا چاہئیے کہ کئی مہینوں سے اور کئی ہفتوں سے گفتگو ہو رہی ہے۔ بہت خوشی ہوئی کہ سینٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ سینٹ بھی اپنے خیالات کا اظہار کرے۔ بہت کچھ کہا جا چکا ہے اور ابھی ابھی ایک فاضلانہ تقریر جو ڈاکٹر جاوید اقبال نے کی یہ بھی ایک thought provoking تقریر تھی۔ کوئی ایسا angle نہیں ہے جس پہ میں عرض کر سکوں نئے سرے سے، فقط اتنا ضرور کہوں گا کہ جب میں تنہا خاموشی سے بیٹھا ہوتا ہوں تو بہت سے خیالات ابھرتے ہیں یہ ایک دن کا process نہیں یہ جب سے کراچی کا مسئلہ شروع ہوا ہے کوئی دن ایسا گزرا ہو گا جب میں نے اسے سوچا نہ ہو۔ جناب یہ صرف ایم کیو ایم کا اور حکومت کا مسئلہ نہیں ہے، ابھی سے میں عرض کر دوں ایم کیو ایم ہو یا پیپلزپارٹی ہو ان دونوں میں سے کوئی غدار نہیں مسئلہ یہ ہے کہ حالات کچھ اس طرف چلے گئے ہیں کہ وہ عناصر جنہوں نے کبھی پاکستان کو قبول نہیں کیا تھا ان کے لیے ایک fertile area مل گیا ہے جسے وہ استعمال کر کے اپنے عزائم کو پورا کرنا چاہتے ہیں۔ یہ conjectures اور assessments کی بات نہیں ہے۔ میں نے تحقیق کی بات ہے۔ discussion کی بات ہے اور پاکستانیوں سے نہیں پاکستانیوں سے باہر جو بیٹھے ہیں لوگ ان سے بات ہے کہ پاکستان کے وجود کو جیسا کہ ہے ایسے قبول نہیں کرنا چاہتے۔ پاکستان کی سزا یہ ہے کہ یہ ہر مسلم cause کا داعی ہے، اس کی سزا یہ ہے کہ geographically, statistically اس کی ایسی position ہے کہ oil lanes کے قریب ہے۔ یہ جو central asia کی interland ہے اس کے لیے opening ہے اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہ یہ اس کی nuclear

ہیں capability ہے۔ یہ چیزیں ان لوگوں کو جو دنیا کے نقشے کو ایک خاص نظر سے دیکھنا چاہتے ہیں قابل قبول نہیں ہے۔ آپ حیران ہوں گے کہ یہ جو دہشت گرد یہ جو صبح سے شام تک انسانوں کو، بندوں کو مار رہے ہیں۔ ابھی کل ہی کی بات ہے پتہ چلا ایک تھانیدار تھا وہ اسی کام میں لگا ہوا تھا۔ حالات کچھ ایسے ہو گئے ہیں یہ بہت آسان ہوتا ہے give dog a bad name and shoot it یہ بہت آسان ہے کہہ دینا کہ ایم کیو ایم کر رہی ہے۔ بہت آسان یہ کہنا کہ فلاں گروپ کر رہا ہے۔ اس میں تو ہر کوئی کر رہا ہے جس کا داؤ جہاں لگتا ہے وہ کر رہا ہے۔ جناب، مجھے پاکستان کے گرد ایک ایسا غبار نظر آتا ہے۔ مجھے غبار ناردرن ایریا سے بھی نظر آ رہا ہے جو Hunza کے اندر تیاری ہو رہی ہے وہ بھی مجھے نظر آ رہا ہے۔

میں ابھی امریکہ اور یورپ سے ہو کے آیا ہوں وہاں پہ جو third option کشمیر کی بات ہوتی ہے وہ بھی مجھے نظر آ رہا ہے۔ یہاں پہ یہ جو افغانستان کے سابقہ جنرل یا سفیر آئے ہوئے ہیں وہ بھی مجھے نظر آ رہا ہے۔ کراچی بھی نظر آ رہا ہے۔ تو اب کرنا کیا ہے کہ اس شدت میں اس طوفان کی شدت میں ہم نے بہہ جانا ہے یا ہم میں capability ہے کہ ہم اسے روک سکیں۔ خود ستائش اور انا اس قدر بڑھ گئی ہے، خودغرضی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ ہم کسی اور کا نقطہ نظر سننے کو، دیکھنے کو تیار ہی نہیں ہیں۔ اور یہ میں آپ کی خدمت میں عرض کردوں کہ جب بھی کوئی negotiation ہوتی ہیں ذمہ داری the major responsibility is on the government always اسے فراخدل ہونا پڑتا ہے۔ میں حیران ہوا جب 21 points کی اس طرف سے پیش کش ہوئی۔ 21 points کسے دے رہے ہیں آپ؟ جو خود مانگنے والے ہیں ان سے آپ کیا مانگ رہے ہیں۔ آپ تو دینے والے ہیں۔ تو I am not one of those جو dooms predict کرتے ہیں کہ کل قیامت ہو جائے گی، آسمان گر پڑے گا۔ I am not one of those لیکن میں حقیقت پسند ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ کسی کے بس کی بات نہیں اسے مد نظر رکھتے ہوئے میں دست بستہ عرض کرتا ہوں کہ خدا کے لئے اگر مجھے میر سے گھر سے چاہے میرے بھائی کا حق نہیں بنتا، مجھے دینا پڑے تو مجھے دے دینا چاہیئے تاکہ یہ گھر بچ جائے پاکستان کا جو impression دنیا کے اندر ہے پاکستان کا جو image دینا کے اندر ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں پاکستان کے اندر آ کر دیکھے جتنی غلاظت فزیکل اور مینٹل اس ملک میں ہے پہلے کبھی نہ تھی، جس قدر corruption mal- administration, injustification اس ملک میں ہے پہلے کبھی نہ تھی۔

اگر ان حالات میں کوئی انسان یا کوئی گروپ اپنے حقوق مانگتا ہے تو why not کل سے مجھے نظر آرہا ہے سرائیکی میں بھی یہ احساس ہوگا۔ وہ لوگ بھی محسوس کرتے ہیں وہاں بھی نوکریوں میں ڈویلپمنٹ میں اور other part of the Punjab میں فرق ہے۔ ملتان بھی اتنا بڑا شہر ہے جتنا بڑا لاہور ہے ملتان بھی اتنا بڑا شہ رہے جتنا راولپنڈی ہے، وہاں پر یہ احساس محرومی ہے اور اس احساس محرومی کو اگر آپ پاکستان کے محب ہیں تو اس کا ازالہ کرنا چاہیئے تاکہ اسے تختۂ دار تک لے جائیں۔ میں اتنا عرض کروں گا خدا کے لئے یہ آخری hope ہے مجھے امید نہیں ہے کہ یہ کامیاب ہونگے لگتا ہے میں دل کی بات کرتا ہوں لیکن خدارا اسے کامیاب بنائیں اور اس کے بعد دونوں شامل ہو کر وہ عنصر جو چھپا ہوا ہے اس کا مقابلہ کریں۔ مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سردار بشیر احمد خان ترین، موجود نہیں ہیں، مسٹر اکرم شاہ نہیں ہیں، حافظ فضل محمد۔

حافظ فضل محمد: شکریہ جناب چیئرمین، (عربی) جناب چیئرمین تقریباً ڈیڑھ سال سے کراچی کا مسئلہ مسلسل ہمارے ایجنڈے پر چلا آرہا ہے ابھی تک کوئی ایسے قابل قبول حل یا ایک معقول حل سامنے نہیں آیا۔ یہ مسئلہ پیدا کیسے ہوا، کس نے پیدا کرایا، اور کن مقاصد، اور کن اغراض کے تحت پیدا کرایا گیا یہ میرے خیال میں ہر سیاسی شعور رکھنے والے یہ جانتے ہیں کہ جب ۷۷ میں قومی اتحاد کی تحریک چلی اس تحریک کے نتیجے میں ہمیں ایک جرنیل ملا۔ اس جرنیل نے درمیان آکر بلی کا کردار ادا کیا۔ بلی نے دو چوہوں کو لڑتے ہوئے، دونوں پر حملہ کر دیا دونوں کو نگل لیا، پھر مونچھوں پر ہاتھ پھیرا کہ اللہ کا فضل ہوا اگر میں نہ پہنچتی تو یہ ایک دوسرے کے خانہ برباد کر لیتی وہی حشر ہمارے سیاسی معاملات میں ہوا۔ جب ضیاء الحق صاحب مرحوم تشریف لے آئے تو ان کے سامنے دو باتیں تھیں ایک یہ کہ پیپلز پارٹی کی قوت کو کسی بھی طرح توڑ دیا جائے۔ دوسری بات ان کے سامنے یہ تھی کہ قومی اتحاد کی تحریک ایک اسلامی نعرے کی بنیاد پر چلائی گئی تھی اس تحریک کے نتائج کو اپنے دامن میں ڈالنے کی کوشش کی۔ تو سب سے پہلے انہوں نے اسلام کا نعرہ لگایا۔ گیارہ سال تک اسی اسلام کا نعرہ لگاتا لگاتا وہ دنیا سے رخصت ہو گیا لیکن اسلام کہیں بھی ہمیں نظر نہیں آیا اگرچہ لندن سے گدھے گاڑی میں اسلام کو سوار کر کے گیارہ سال میں یہاں تک پہنچایا جا سکتا تھا۔ لیکن کمال کی بات یہ ہے کہ اسلام آباد سے پنڈی تک

بھی نہیں پہنچ سکا۔ ضیاء الحق صاحب نے یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ سیاسی قوتوں کو مفلوج کر کے رکھ دیا سیاسی جماعتوں اور سیاست دانوں کو اور عوام کے درمیان ایک خلیج کو پیدا کرنے کے لئے ان کے روابط ان کے تعلقات کو کاٹ دینے کے لئے انہوں نے برادریوں کو ہوا دی۔ قومیتوں کو ہوا دی، لسانیت کو ہوا دی۔ نسل پرستی کو ہوا دی، علاقائیت کو ہوا دی، تاکہ سیاسی جماعتوں اور عوام کے روابط کٹ جائیں، تاکہ میرے خلاف کوئی تحریک نہ اٹھ جائے۔ یہ اصولی مسلم حقیقت ہے۔ تو اس وقت انہوں نے باقاعدہ اپنی ایجنسیوں کو اسی کام پر لگا دیا اور کروڑوں روپے اس کے لئے خرچ کر دیئے۔ اب یہ مسئلہ جو چل رہا ہے کوئی برا نہ مانے کراچی کا مسئلہ جو ہے یہ بھٹو باقیات اور ضیاء باقیات کے درمیان چل رہا ہے۔ یعنی کسی حد تک پیپلز پارٹی بھی اس کے لئے ذہنی طور پر تیار نہیں ہے کہ یہ نومولود سیاسی بچہ کہاں سے پیدا ہوگیا۔ یہ کیوں آیا۔ البتہ اس کے طریقہ تولید جو ہے وہ جائز تھی یا ناجائز تھی وہ الگ مسئلہ ہے لیکن دنیا میں اصول یہ ہے کہ جب ایک دفعہ بچہ پیدا ہو جاتا ہے تو پھر ان کو حق انسانیت کے حوالے سے، حقوق انسانیت ملنے چاہئیں۔

جس طریقے سے بھی ہو، ہم پیپلز پارٹی سے بھی درخواست کرتے ہیں کہ ان کے وجود کو قوت کو، حیثیت کو تسلیم کرتے ہوئے ان کو ایک سیاسی جماعت تسلیم کریں۔ ہمارے ایک ساتھی نے تاج حیدر صاحب نے جو ہمارے ایک نئے ساتھی ہیں اس نے اس جماعت کی سیاسی حیثیت کو بھی، قانونی حیثیت کو بھی، آئینی حیثیت کو بھی کچھ مشکوک قرار دیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ آپ نے اگر اس کو مشکوک کر دیا اس سے اور مسئلے الجھ جائیں گے۔ اس سیاسی جماعت کے منتخب اراکین نے آپ کے صدر کو ووٹ دیا ہے تو اس کی حیثیت بھی مشکوک ہو جانے گی چیئرمین سینٹ کو ووٹ دیا ہے، اس کی حیثیت بھی مشکوک ہو جانے گی۔ اب یہاں ایوان میں بیٹھے ہیں آپ کے جن منصبوں پر یہاں بیٹھے ہیں تو پھر آپ قانون کے حوالے سے آئین کے حوالے سے کس بنیاد پر یہاں بٹھاتے ہیں، اجازت کیوں دیتے ہیں میرے خیال میں اس انداز سے بات نہیں کرنی چاہیئے۔ میں تو ان مذاکرات سے خوشدل نہیں ہوں۔ اور یہ غیر فطری مذاکرات ہیں وہ اس لئے کہ دنیا میں کہیں بھی ایک مثال پوری دنیا میں بتا دیں قبائلی معاملات سے لے کر سیاسی معاملات تک، بین الاقوامی معاملات تک چاہے دو ملکوں کے درمیان ہوں، چاہے دو قوموں کے درمیان ہو، چاہے دو سیاسی جماعتوں کے درمیان ہو ثالث ہی درمیان میں فیصلہ کراتے ہیں۔ فریقین بیٹھ کر، وہ تو بالکل ایسی مثال ہے کہ ۲۱ نکات مطالبات ایک طرف اور اٹھارہ اس طرف،

دعویٰ اور جواب دعویٰ ہے یہ تو ایک عدالتی کیس لڑا رہے ہیں۔ یہ تو مذاکرات نہیں ہیں۔ مذاکرات کا طریقہ کار یہ ہے کہ ثالث کو بااعتماد ثالث، بابصیرت اہل ثالث، غیر جانبدار فریقین ایک اس قسم کے ثالث پر اعتماد کر کے، اکٹھا کر کے دونوں تحریری طور پر لکھ کر ان کو دے دیتے ہیں کہ جو بھی فیصلہ آپ نے کیا ہمارے لئے قابل قبول ہوگا۔ یہ انداز فیصلے کا نہیں ہے 'وہ کہتے ہیں تم نے یہ کرنا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ تم نے یہ کرنا ہے۔ یہ غیر فطری انداز ہے اگر واقعتاً دونوں فریق صلح جوئی کے لئے امن و امان بر قرار رکھنے کے لئے واقعی ترستے ہیں تو ان کے لئے پہلے بھی ہم نے تجویز دی تھی 'ایک کمیشن بنایا جائے پاکستان میں اس قسم کے اہل سیاست دان بھی ہیں ان دو فریقوں کے درمیان غیر جانبدار سیاستدان بھی ہیں اور اہلیت بھی رکھتے ہیں بصیرت بھی رکھتے ہیں، غیر جانبدار بھی ہیں 'ان پر مشتمل ایک کمیشن مقرر کیا جائے ان دونوں فریقین سے باقاعدہ لکھ کر لیا جائے اور باقاعدہ ان سے اختیار نامہ لیا جائے کہ جو بھی فیصلہ آپ نے کیا ہمارے لئے قابل قبول ہو گا۔ اور اس کے نگران باقاعدہ صدر صاحب خود ہوں۔ اور اس فیصلے پر عمل درآمد کرانے کے لئے وہ باقاعدہ ضمانت بھی دیں کہ بزور قوت ہم نے منوانا ہے۔ اور جو بھی فریق نہ مانے اس کے خلاف پورا پاکستان ہو جائے یہ طریق ہے مذاکرات کا۔ بہر حال ہم تو اب بھی دعا یہ کرتے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ان مذاکرات کو کامیاب بنائے تاکہ امن وامان اور صلح و آشتی کی ایک فضا بن جائے۔ جہاں تک ان معاملات کا تعلق ہے جن کو اگر ہم گہری نظر سے دیکھیں اور انتہائی گہرائی سے ہم جائزہ لیں تو مجھے نظر آ رہا ہے کہ یہ جتنے مسائل ہیں، جتنی الجھنیں ہیں، جتنی مشکلات ہیں، جتنی مصیبتیں ہیں 'یہ اس نظام اور اس سسٹم کی پیداوار ہیں جب تک یہ نظام تبدیل نہیں کیا جائے گا جب تک اس نظام کو جڑ سے نہیں اکھاڑا جائے گا یہ مسائل وقتاً فوقتاً پیدا ہوتے رہیں گے آج یہ ایم کیو ایم کی شکل اور پیپلز پارٹی کی شکل میں ہیں اور کل کسی اور کے نام سے ہوگا اور کسی تیسرے کے نام سے یہ الجھنیں پیدا ہوتی رہیں گی۔ اور یہ جو سزا ہم بھگت رہے ہیں جو ہماری لاکھوں ماؤں بہنوں نے اور اکابرین نے پاکستان بنانے کے لئے ایک بنیادی اساسی نظریے کے لئے قربانیاں دیں اور اس قربانی کو آج ہم نے پس پشت ڈال دیا ہے ان مقاصد کو ہم نے چھوڑ کر اسلام کے انتہائی شائستہ اور انتہائی آفاقی نظام کو چھوڑ کر ہم یورپ کی تقلید کر رہے ہیں ہمارا معاشرہ بھی یورپ کا ہے، اور ہمارا سیاسی نظام بھی یورپ کا ہے، جب تک امریکہ، واشنگٹن میں ایک منصوبہ کامیاب نہیں ہوتا ہے اور اس کی منظوری

وہاں سے حاصل نہیں ہوتی ہے یہاں ہمارے کوئی سیاسی تبدیلی نہیں آتی ،معین قریشی اس کا ثبوت ہیں کہ کیا پورے پاکستان میں ایک بھی اتنا اہل سیاست دان نہیں تھا کہ تین مہینے کے لئے حکومت سنبھا ل کر انتخابات کرا سکتا۔ معین قریشی کو وہاں سے امپورٹ کر کے اس لئے کہ ؛ وہ امریکہ کا منظور نظر تھا ۔ ہماری اقتصادی پالیسی کہاں بنتی ہے ؟ ہمارا معاشرہ جو تشکیل پا رہا ہے نئی نسل کے لئے جو معاشرہ ہم تشکیل دے رہے ہیں خدا را اس کاجائزہ لیں کہ اس میں پاکستانیت کا نام و نشان نہیں ہے اور نہ ہی اسلام کا نام و نشان ہے ۔

ہمارامعاشرہ مکمل تباہی کی طرف جا رہا ہے اور یہ مکمل european معاشرہ ہے' یہ اسلام کا معاشرہ نہیں ہے' یہ مشرق کا معاشرہ نہیں ہے' بلکہ یہ خالصتاً یورپ کا معاشرہ ہے جو ہمارے سر پر ہمارے ہی ذرائع ابلاغ ہمارے ہی خون پسینے سے وہ ذرائع ابلاغ جو چلتے ہیں اور وہ معاشرہ جو سر تا پا ہمارے دشمنوں کا معاشرہ ہے وہ ہماری تہذیب اور ثقافت کو ہمارے کلچر کو ہمارے لباس کو ہمارے انداز کو ہماری زبان کو تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور یہی ذرائع ابلاغ ان کاحصہ بن رہے ہیں یہ تمام دانشوروں کے لئے المیہ ہے ہر پاکستانی کے لئے المیہ ہے کہ ہماری نئی نسل جو آئے گی وہ پاکستانی نہیں ہو گی اور وہ کس حد تک میں تو کہتا ہوں کہ وہ کس حد تک مسلمان ہو گی ؟ یہ ہمارے لئے بہت بڑا المیہ ہے لہذا سب سے بڑی بنیادی بات یہ ہے کہ اس سسٹم کو اس فرسودہ ،سڑے ہو ے ' انگریزوں کے ،اس طرز نظام کو یہاں سے اکھاڑ پھینکنا ہے سب سے پہلے اس کے لئے قربانی دینی ہے یہ جتنے مسائل پیدا ہوتے ہیں یہ شکایات ہوتی ہیں ایک دوسرے سے الجھنیں ہوتی ہیں ایک دوسرے سے جو غلطیاں جو ہوتی ہیں اس نظام کی پیداوار ہیں جب تک یہ نظام باقی رہے گا یہ مسائل باقی رہیں گے ۔لیکن اس کے لئے قربانی کی ضرورت ہے۔ ایک اللہ والے کی ضرورت ہے ' ایک ایسے شخص کی ضرورت ہے جو تمام مفادات ،مراعات ' ذاتی اغراض و مقاصد سے بالا تر ہو کر خالصتاً اسلام اور پاکستان کے لئے سوچتا ہو ۔ اس قسم کی شخصیت کی ضرورت ہے ۔ ایک شکوہ جناب ہماری اپنی ہی ایجنسیوں سے بھی ہے۔ درجنوں ایجنسیاں یہاں کام کر رہی ہیں ۔ ان ایجنسیوں پر سالانہ اربوں روپے خرچ ہو جاتے ہیں۔ وہ کیا کرتی ہیں ۔ کیوں صحیح رپورٹنگ نہیں کرتی ہیں ؟ کیوں صحیح حالات کے رخ کو نہیں بتاتی ہیں؟ اس میں کسی حد تک ان کی نااہلی اور ان کی اپنی ذاتی اغراض شامل ہیں ۔ اسی لئے کوئی بھی مسئلہ جب اٹھتا ہے تو ایجنسی صحیح رپورٹ نہیں کرتی ہے ۔ وہ ایجنسی اس مسئلے کے جو بنیادی اسباب ہیں '

وجوہات ہیں ۔ ان کو سامنے لانے کے لئے کوشش نہیں کرتی ہے ۔ کمال کی بات ہے کتنے عرصے سے یہ سب کچھ ہو رہا ہے ' دہشت گردی ہو رہی ہے ' فائرنگ ہو رہی ہے ' قتل عام ہو رہا ہے لیکن ایک قاتل بھی صحیح معنوں میں نہیں پکڑا جاتا ۔ کسی کو معلوم نہیں ہوتا کہ کس نے مارا ' کیوں مارا اور کون تھا؟ جہاں تک معاشیات کا تعلق ہے ' اقتصادیات کا تعلق ہے کہ کچھ ساتھی یہ فرماتے ہیں کہ کراچی کا مسئلہ اقتصادی اور معاشرتی ہے ۔ میں اس سے قطعاً اتفاق نہیں کرتا اور یہ خالصتاً سیاسی مسئلہ ہے ۔ اگر محرومیاں ہیں ' اگر ملازمتیں نہیں ملتیں' اگر وہاں کے کچھ ایسے حالات ہیں کہ ان کو فنڈ نہیں ملتے ' گلیاں خراب ہیں ' سڑکیں ناکارہ ہیں اور دوسری قسم کی مشکلات پیدا ہیں ' مسائل ہیں تو یہ پوری دنیا میں ہیں ۔ بھئی یہ ان کا حل نہیں ہے ' یہ تجویز نہیں ہے کہ وہ کہیں کہ ہم کراچی کو الگ صوبہ بنانا چاہتے ہیں یا ہم کراچی کو سندھ سے الگ کر دیں گے ۔ یہ سندھ کا مسئلہ نہیں ۔ یہ پاکستان کا مسئلہ ہے ۔ جناب یہ پاکستان کا مسئلہ ہے ۔ اگر کوئی آدمی کسی ہاتھ سے ایک انگلی کو کاٹ دے تو وہ کہے کہ ہم نے ہاتھ کاٹا ۔ بھئی ہاتھ کس کا حصہ ہے تو وہ جسم کا حصہ ہے ۔ وہ انگلی جسم سے کٹ گئی ۔ ہم اس قسم کے جھوٹے منصوبے دل میں رکھتے ہیں ۔ جو بھی اس قسم کے منصوبوں کو دل میں رکھتے ہیں وہ اس قسم کے منصوبوں کو دل سے نکال لیں۔ کراچی کو پاکستان سے الگ کرنے کے لئے جو سوچتا ہے اسے ہماری لاشوں سے گزرنا پڑے گا ۔ یقیناً ہمارے مسائل ہیں اور پھر اس قسم کے دلائل دینا یہ ایک عجیب منطق ہے ۔ بلوچستان کی اتنی آبادی ہے اس پر وزیر اعلیٰ ہے ' ہائی کورٹ ہے ' ان کی تمام مراعات صوبے کی حیثیت سے ہے تو کراچی کی اتنی آبادی ہے اس کو بھی صوبہ بنانا چاہئیے تو میں کہتا ہوں کہ اگر یہی منطق چل جائے ' یہی منطق مانی جائے تو پھر پنجاب کے دس صوبے بننے چاہئیں ۔ پنجاب کی آبادی کتنی ہے تو اتنی آبادی پر یعنی پورے ملک کی آبادی سے ' تینوں صوبوں کی آبادی سے ان کی آبادی زیادہ ہے تو پھر ان کو ایک وزیر اعلیٰ کیوں ملا ہے' ان کی ایک ہائی کورٹ کیوں ہے ' ایک گورنر ان کو کیوں ملا ہے ' ایک صوبے کی مراعات کیوں ملی ہیں ؟ تو پھر ان کو دس صوبے اور دس گورنر ملنے چاہئیں ۔ اگر یہ منطق مانی جائے تو پھر کراچی کو صوبہ نہیں بلکہ پنجاب کو صوبہ بنانا چاہئیے لیکن پنجاب والے یہ مطالبہ نہیں کرتے ہیں ۔ بہر حال اگر یہ اس انداز سے سوچتے ہیں کہ ہم تو صوبہ نہیں مانگتے ہیں لیکن ہمارے مسائل کا حل اس میں ہے اور میرے خیال میں اس کا حل یہ نہیں ہے اور یہ بھی ان کو یاد رکھنا چاہئیے کہ بنگال نے

یہ مطالبہ کیا ' بنگال آج کن حالات میں ہے ؟ تقسیم مسائل کا حل قطعاً نہیں ہے ' تاریخ نہیں یہ بتاتی ہے کہ تقسیم جو ہے یہ مسائل کا حل نہیں ہے ۔ تقسیم مسائل پیدا کر دیتی ہے ۔ ہاتھ اگر جسم سے کٹ جائے ۔ ٹھیک ہے جسم تو ناقص ہو جائے گا لیکن ہاتھ مکمل طور پر تباہ ہو جائے گا ۔ ہاتھ پھر ہاتھ ہی نہیں رہے گا ' ہاتھ کے پھر مقاصد ہی ختم ہو جاتے ہیں ۔ جسم پھر بھی رہے گا۔ البتہ زیادہ سے زیادہ اتنا ہوگا کہ وہ ناقص ہوگا لیکن ہاتھ مکمل طور پر تباہ ہو جائے گا ۔ جو بھی ٹکڑا پاکستان سے الگ ہو جائے گا وہ مکمل طور پر تباہ ہو جائے گا ۔ پاکستان کا اتنا نقصان ضرور ہوگا کہ ناقص ہوگا ۔ وہ جغرافیہ پھر نہیں رہے گا ۔ وہ رقبہ پھر نہیں رہے گا لیکن یہ ہے کہ وہ ہاتھ مکمل طور تباہ ہو جائے گا جو ہاتھ جسم سے الگ ہوگا۔ لہذا اس کو بھی سوچنا چاہیئے جو اس قسم کی ذہنیت رکھنے والے ہیں یا اس قسم کی باتوں کو سوچتے ہیں۔ وہ اپنی تباہی کے خود ذمہ دار ہوں گے ' خود اپنے پاؤں پر کلہاڑا نہ ماریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: حافظ صاحب ' اب ختم کرنے کی کوشش کریں۔

حافظ فضل محمد: جی جناب ' میری دونوں سے درخواست ہے کہ جو مذاکرات ابھی ہو رہے ہیں۔ اندر سے تو مذاکرات ہیں لیکن جب باہر آتے ہیں تو ایک دوسرے کے خلاف بیانات کی توپیں لگا دیتے ہیں۔ تو اس سے فضا اور خراب ہوتی ہے لہذا اگر وہ دونوں اپنی مرضی سے ' بغیر کسی ثالث کے دباؤ سے ' بغیر کسی کے اشارے سے خود مذاکرات کی میز پر بیٹھے ہوئے ہیں تو ان کا یہ فرض منصبی بنتا ہے کہ وہ مذاکرات کے لئے اچھی فضا بھی بنائیں ۔ وہ مذاکرات کے لئے اچھے اقدامات کریں۔ یہ بھی عجیب بات ہے ۔ میں تو حکومت والوں سے پوچھتا ہوں کہ بھئی یہ تو ہمیں سمجھ آتی ہے۔

یہ بات تو ہمیں سمجھ آتی ہے کہ عوام حکومت سے مطالبات کریں لیکن یہ ہماری سمجھ سے باہر ہے کہ حکومت عوام سے کوئی مطالبہ کرے کہ یہ مانو وہ مانو۔ یہ تاریخ میں بھی جب پڑھتے ہیں ۔ میرے خیال میں ایک انوکھی مثال اس وقت پاکستان میں قائم ہو رہی ہے۔ نہ پہلے بھی ایسی کوئی مثال سامنے آئی ہے اور نہ سنی ہے کہ حکومت عوام سے مطالبہ کرے کہ تم نے یہ کرنا ہے وہ کرنا ہے۔ کراچی کے عوام یا ان کی قیادت کرنے والے ہیں عوام تو ہرصورت میں ہیں۔ وہ حکومت کا حصہ نہیں ہیں۔ تو پھر ان سے یہ مطالبات۔ کمال تو یہ ہے کہ ان کے مطالبات

۱۸ ہیں اور یہ ۳ قدم اور بڑھ جائیں یعنی ۲۱ مطالبات ان کے سامنے رکھ دیئے ہیں۔ بھئی یہ تو آپ کے عوام ہیں۔ آپ کی رعایا ہیں۔ آپ کے ماتحت ہیں۔ ان کے سر پر ہاتھ رکھو۔ ان سے شفقت کا سلوک کرو۔ ان کو قریب لاکر اپنے سینے سے لگاؤ۔ تو یہ راستے پر انشاء اللہ آ جائیں گے۔ اگر نہیں آئیں گے تو پھر ان کو پوری قوم کے سامنے پیش کردو کہ یہ نہیں مان رہے ہیں۔ پوری دنیا کے سامنے ان کے عزائم کو رسوا کردو۔ ہم پھر آپ کے ساتھ ہوں گے۔ لیکن اس مسئلے میں حقیقت ہے اگر آپ کو اندیشہ ہے کہ کراچی پاکستان سے الگ ہوگا۔ کراچی سندھ کی سرزمین پر واقع ہے۔ سندھ کی سرزمین کو ہم کسی کو یہ اجازت نہیں دیتے ہیں۔ سندھ پاکستان کا حصہ ہے کہ وہ سندھ کی سرزمین کو الگ کرے ۔ ویسے بھی وہ اپنے آپ کو مہاجر کہتے ہیں۔ پوری دنیا کے تواریخ آپ اٹھا کر دیکھ سکتے ہیں کہ ہجرت صرف آج کا مسئلہ نہیں ہے۔ یہ پوری انسانیت کی تاریخ میں ایک لمبی داستان ہے۔ جہاں بھی کسی مہاجر نے ہجرت کی ہے۔ تو وہ وہاں کی زمین کو اٹھاکر نہیں لے جاتے ہیں کہیں اور۔ اسی زمین پر رہتے ہوئے اپنے آپ کو وہاں کا باشندہ سمجھتا ہے۔ ہم یہی کہتے ہیں کہ واقعی ایم کیو ایم والے یہاں آئے ہیں ایک مقدس مقصد کے لئے ہندوستان کو چھوڑ کر پاکستان آئے ہیں۔ انتہائی مقدس مقصد کے لئے ۔ انہوں نے بہت سی قربانیاں دی ہیں۔ ان کی قربانیوں سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا ہے۔ ان کا خون اس ملک میں شامل ہے۔ ان کا پسینہ شامل ہے۔ قربانیاں شامل ہیں۔ پاکستان کی بنیادی اینٹ میں ان کا خون شامل ہے۔ اس رویے کی بھی ہم مذمت کرتے ہیں کہ مہاجر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے ان کو پاکستانی نہ سمجھاجائے۔ تو پھر ان کے دل میں یہ احساسات ضرور ہوں گے۔ کہ

جب اہل چمن کو ضرورت پڑی خون ہم نے دیا گردنیں پیش کی
پھر بھی کہتے ہیں یہ اہل چمن یہ چمن ہے ہمارا تمہارا نہیں

اس انداز کی بھی ہم مذمت کرتے ہیں۔ کہ اگر مہاجر کو اس لفظ کی سزا دیتے ہوئے ان کو پاکستانی تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور اس بنیاد پر تیار نہیں ہے کہ چونکہ تم مہاجر ہو۔ ایک اصطلاح کی حد تک تو مہاجر ہےلیکن بنیادی طور پر تو یہ پاکستانی ہیں۔ اگر ان میں کچھ ہوں' حقیقت ہے کہ ہیں۔ اس حقیقت کو بھی تسلیم کرنا پڑا گا کہ کچھ لوگ اندر گھس گئے ' را، کے ایجنٹس گھس گئے ہیں۔ یہ پہلے بھی میں نے ان کو یہ مشورہ دیا تھا کہ MQM کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اپنی صفوں کو تخریب کاروں سے صاف کر دے ' وہ اپنی صفوں سے تخریب کاروں کو

نکال دے ' اور PPP والے انتقامی کارروائیوں سے ہاتھ کھینچ لیں پھر مسئلہ حل ہو جائے گا۔

آخر میں جناب چیئرمین صاحب میری ایک تجویز ہے میں نے اس مسئلے پر بہت سوچا ہے ' حقیقت ہے جب میں بند کمرے میں ' تنہائی میں رہتا ہوں تو میں سوچتا ہوں کہ اس مسئلہ کا کیا حل ہو گا ؛ جہاں تک میں نے سوچا ہے ایک حل تو وہ ہے جو ہم یہاں نہیں بتاتے سب کچھ گنوا کر ہم نے اس کے لئے بھی بہتقربانیاں دی ہیں ' ضیاء صاحب کے خلاف بھی ہم نے قربانیاں دی ہیں ' حقیقت ہے اس ضمن میں ہمارا خون شامل ہے ' بہت سے لیڈرز ' ان کو کام پیش آنے ' کسی کو لندن میں کام پیش آیا ' کسی کو کابل میں کام پیش آیا ' کسی کو ثمرقند اور تاشقند میں کام پیش آیا ' کسی کو امریکہ میں کام پیش آیا ' لیکن ہم یہیں ڈٹے رہے ' فضل الرحمان صاحب نے ضیاء کے خلاف 4 سال یہاں جیل کاٹی ' ہم حقیقت ہے اس قسم کے لوگوں کو راستہ نہیں دینا چاہتے ہیں اگر خدانخواستہ ہمارے یہی جھگڑے اسی طرح طول پکڑتے گئے تو یہ لوگ یقیناً دنیا کو جواز پیش کرتے ہوئے آئیں گے ' ہمیں روند دیں گے ' ان کے بوٹ بھی بڑے ہیں اور خطرناک بھی ہیں ' سب کو روند دیں گے ' اور دوسرا حل یہی ہے کہ 4,5 بندے یہاں پاکستان میں کسی حد تک ہمیں ان پر اعتماد ہے ' سینٹ کے چیئرمین صاحب ہوں ' قومی اسمبلی کے سپیکر صاحب ہوں ' نوابزادہ نصراللہ خان صاحب ہوں ' جتوئی صاحب ہوں ' مولانا فضل الرحمان صاحب ہوں ' قاضی حسین احمد صاحب ہوں ' اسی طرح دوسرے اسی قسم کے قد آور لیڈرز جو دونوں کے لئے قابل قبول ہوں ' غیر جانبدار ہوں ' دونوں فریق ان کو لکھ دے دیں ' اور صدر صاحب اس کمیشن کے نگران ہوں اور وہ ان کو یہ ضمانت دے دیں جو فریق اس فیصلے کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوگا اس کے خلاف باقاعدہ قانونی اور باقاعدہ ایک طاقت کے ذریعے کارروائی کی جائی گی ' پھر یہ دونوں فریق لکھ کر اپنے مطالبات ان کے حوالے کر دیں ' وہ اتنا جانتے ہیں ' اتنے چرواہے تو نہیں ہیں ' وہ بھی پاکستان میں رہنے والے لوگ ہیں ' بڑے سیاستدان ہیں ' وہ لوگ یہ جانتے ہیں کہ ان کے کون سے مسائل ہیں اور حکومت کی کون سی مشکلات ہیں ' دونوں کو سامنے رکھتے ہوئے انشاء اللہ العزیز ایک قابل قبول حل سامنے آ جائے گا جو دونوں کے لئے قابل قبول ہو گا ' یہی میری آخری تجویز ہے ' اللہ کرے کے واقعتاً دونوں فریق اس کے لئے تیار ہو جائیں اور دونوں اس پر متفق ہو جائیں ' دونوں فریق تحریری طور پر ان کو لکھ کر یاخود اگرچہ مذاکرات کو میں غیر فطری سمجھ رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ حافظ صاحب آپ تشریف رکھیئے۔

حافظ فضل محمد ۔ بالکل انشاء اللہ رکھیں گے، آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی منسٹر فار اسپیشل ایجوکیشن۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ مجھے ٹائم دیا ہے ۔ کراچی کے مسئلے کے ضمن میں میں کوشش کروں گا کہ ایسی بات نہ ہو جس سے ذرا بھر بھی مذاکرات کو یا ان نازک مسائل میں کوئی خلل ہو ۔ میں صرف دو تین باتیں کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی بنیادی کیا وجوہات ہیں کہ کبھی اس قسم کے مسائل کراچی میں پیدا ہو جاتے ہیں، کبھی مالاکنڈ میں پیدا ہو جاتے ہیں، کبھی اس ملک میں تحریکیں کھڑی ہو جاتی ہیں، کبھی اگرتلہ کے کیس بنتے ہیں، اگر ہم اپنی ہی تاریخ پر نظر ڈالیں، اور پھر حوالہ جات دیئے جاتے ہیں کہ قومی سطح پر برصغیر میں جو ہم نے جدوجہد کی، اگر اس کا ہی مطالعہ کرتے تو ہمیں یقیناً یہ محسوس ہوتا کہ یہ تمام تر جدوجہد ہمارے قائدین نے، قائد اعظم محمد علی جناح اور اس کے رفقاء کار نے قانونی اور دستوری تمام جدوجہد کی تھی، اس میں تشدد نہیں تھا۔ اس میں عصبیتیں نہیں تھیں۔ انہوں نے خالصتاً نظریاتی لوگوں کی پرورش کی اور British Empire جس کے پاس اتنی بڑی فوجی قوت تھی جو دنیا پر حکومت کر رہے تھے جن کا سورج غروب نہیں ہوتا تھا۔ ان کو ہندوستان سے جانا پڑا اور پاکستان اور بھارت وجود میں آئے۔ اس کے حوالے سے، ہمارے یہاں بزرگ بھائی بیٹھے ہیں 1949 میں جناب چیئرمین! آپ گواہ ہیں ایک قرار داد مقاصد بنائی گئی تھی اور اس قرار داد مقاصد میں اگر آپ ان حصوں کو ملاحظہ فرمائیں تو اس میں ایک طریقہ کار دیا گیا اور اسی لئے اب جو قرار داد مقاصد دستور کا حصہ بن چکی ہے اور دفعہ 21 الف کہلاتا ہے ۔ اب ہمیں اس پر سوچنا ہو گا اس میں ایک پیرا گراف ہے وہ میں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ

"Wherein shall be guaranteed fundamental rights, including equality of status, of opportunity and before law, social economic and political justice, and freedom of thought, expression, belief, faith, worship and association, subject to law and public morality."

اگر اس کے بعد a principle of policy دستور کے حوالے سے میں پہلے بات کرنا چاہتا ہوں ۔ اپنے دستور کے جس میں قرار داد مقاصد اور اس کا substantial part اب اسی طریقہ کار سے جب

ہمارے قائدین نے یہ سوچا کہ جس بنیاد پر یہ ملک میں آیا اس کو مدنظر رکھ کر principle of policy پر ہمارا باقاعدہ article ہے اس میں 33 جو ہمارے یہاں پر ہیں محترم بھائی تاج حیدر صاحب نے بھی quote کیا تھا کہ دفعہ 33 کے تحت یہ State کی policy ہو گی اور فرض ہوگا۔

"The State shall discourage parochial, racial, tribal, sectarian and provincial prejudices among the citizens." یہ بڑ اہم بات ہے ۔ یہ بڑی ضرورت کی بات اور یہی وہی guide line ہے جس سے پہلے بھی ہم نے رو گردانی کی اور سانحہ مشرقی پاکستان آیا۔

اس کے بعد اب بات سمجھنے کی یہ ہے کہ جب ہم کہتے ہیں ایک ہمارا دینی فریضہ ہے اور یہ پاکستان اسلام کے نام پر بنا اور وہ کون سا نعرہ تھا۔ جب یہ advocate کرتے ہیں کہ ہمارا نعرہ تھا "لا الہ اللہ محمد و رسول اللہ" یہ ہماری وہ قدرمشترک ہے جس کی بنیاد پر ملت اسلامیہ کے طور پر برصغیر میں جو ہم سب سے بڑی اقلیت تھے ہندوؤں کے مقابلے میں دوسری ذات پات کے مقابلے میں اس بنیاد پر برصغیر جنوبی ایشیاء کو تقسیم ہونا پڑا۔ پاکستان بنا اگر واقعتاً ہم یہ کہتے ہیں کہ دین کے حوالے سے یہ مملکت وجود میں آئی۔ ایک سیاسی تحریک کی وجہ سے جو اس کا instrument تھا ۔ سیاسی قائدین نے دستوری اور قانونی جنگ لڑی جہاں پر کوئی معتشدد بات نہیں ہوئی اگر کہیں تشد ہوا تو میں یہ برملا کہنے کو تیار ہوں کہ اس وقت پاکستان وجود میں آچکا تھا یا پاکستان اور یہ برصغیر کی آزادی کے دوران مسلمان اور ہندوؤں کے درمیان اگر کوئی clashes ہوئے تو وہ واقعاتی طور پر یا چند زعماء کی غلطیوں کے وجہ سے واقعات ہوئے۔ لیکن اس جدو جہد اور پاکستان کے بننے میں تشدد کا کوئی ہاتھ نہیں اور یہ قربانیاں کتنا جان و مال کا جو نقصان ہوا یہ بعدمیں ہوا اس سے پہلے پاکستان وجود میں آ چکا تھا۔ جب آبادی آ رہی تھی۔ ایک گھیراؤ جلاؤ یا ایک دوسرے کا نقصان یا مسلمانوں کانقصان جو سکھوں اور دوسری قوموں نے کیا۔ ان کے ساتھ زیادتیاں ہوئیں۔ وہ تقسیم کے عمل کے جاری ہونے کے بعد ہوئیں ۔

اب بات سمجھنے کی ہے کہ ہمارے پاس ایک ضابطہ حیات ہے جو دین ہے اگر اس کے حوالے سے ہم کہتے ہیں کہ یہ مملکت وجود میں آئی تو اس کے حوالے کے لئے ہمارے پاس قائد اعظم محمد علی جناح کے ان کے رفقائے کار کے افکار ہیں ۔ ان کے حقائق ہیں ان کی سوچ ہے ہمارے پاس ریکارڈ ہے۔ کہ اب انہوں نے کہا کیاہوگا ۔ اس ملک میں وہ کون سا نظام ہوگا اس ملک میں ہم کیسے رہیں گے۔ ہم کیا کریں گے تو قائد اعظم محمد علی جناح صاحب کی بات ابھی ہمارے محترم بھائی ڈاکٹر جاوید اقبال واضح کہہ رہے تھے ۔ اور وہی بیانات انہوں نے یہاں پر repeat کئے کہ اب سے بعد یہاں پر اس مملکت خداداد پاکستان میں مسلمان بحیثیت صورت حال سے کہ وہ کیا ہے یا ہندو دینی یا مذہبی حوالے سے کیا ہے۔ کرسچین یا پارسی یا کسی اور دین کے حوالے سے وہ نہیں

ہوگا وہ پاکستانی ہوگا۔ یہ بات مصدقہ ہے اس کو کوئی جھٹلا نہیں سکتا ۔ اب اس حوالے سے یہ کہنا اور پھر آپ کے فرمودات ہیں اور یہ کہنا کہ یہاں پر صدارتی نظام کے لئے قائد کا یہ کہنا تھا جو جنرل ضیاء الحق نے اپنے طور پر ایک جعلی ڈائری نکال لی تھی کہ قائد اعظم محمد علی جناح صاحب صدارتی نظام کے حامی تھے وہ جھوٹ ہے۔ ہمیشہ قائد اور اس کی جماعت پارلیمانی نظام کی حامی رہی اور مصدقہ انہوں نے ' چونکہ انہوں نے یہ ستعار کیا نظام ۔

حافظ حسین احمد۔ جناب چیئرمین۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔ جی ۔

حافظ حسین احمد۔ جناب چیئرمین ' کوئی وزیر نہیں ہے یہاں پر۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ میں وزیر ہوں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ خود ہی وزیر ہیں ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ آپ کی نگاہ میرے خیال میں کمزور ہو گئی ہے۔ ان کو شوق ہو گیا ہے۔

حافظ حسین احمد۔ جناب چیئرمین ' حکومت کی پالیسی کے خلاف جو یہ بیان دیں گے تو کون اس کی تردید کرے گا۔

Mr. Presiding Officer: I think the speaker is himself a Minister, in addition to him and I don't recognize Mr. Raza Rabbani because he is not in his seat and he is himself a Minister, therefore, the point of order raised by Hafiz Hussain Ahmed is ruled out of order. Yes please.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Very kind of you.

یہ اس تسلسل کو توڑنے کے لئے حافظ صاحب مہربانیاں کرتے رہتے ہیں ۔ بات جو میں کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ خرافات یا جو منتقلی آبادی تھی اگر آخری بات آپ وہ تاریخ کے حوالے سے دیکھیں تو مہاتما گاندھی ' جواہر لعل نہرو ' سردار پٹیل ' جب قائد اعظم محمد علی جناح کے گھر پر ایک بات کرنے آئے اور لوگوں نے یہ ڈیمانڈ کیا کہ گاندھی جب اپنے گھر سے چلا تو اس کو مجبور انہوں نے کیا کہ آپ جا رہے ہیں.آپ نے تقسیم کی مخالفت کرنی ہے۔

سید محمد فضل آغا۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

Mr. Presiding Officer: Please take your seat. He is on a point of order.

سید محمد فضل آغا۔ ڈاکٹر صاحب بہت مدلل بات کر رہے ہیں ۔ میں کسی صورت میں بھی ان کو disturb نہیں کرنا چاہتا تھا۔ لیکن اس وقت ہماری ڈسکشن کا جو مرکز ہے وہ کراچی ہے۔ اور ڈاکٹر صاحب ہمیں history میں لے گئے ہیں ۔ میری گزارش یہ ہے کہ کراچی کے حل کی تلاش کے لئے کوئی بات کی جائے کیونکہ وقت بھی کم ہے دس دس منٹ میں تو یہ history بھی repeat نہیں کر سکتے۔ میری گزارش یہ ہے کہ ان کی توجہ کراچی کی مشکلات کی طرف دلائی جائے۔

Mr. Presiding Officer: Let us see what is his context. Yes Dr. Sher Afgan Sahib.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب والا ' میرا ریفرنس وہی ہے کہ اسی حوالے سے میں ابھی آپ کو واپس لاتا ہوں کہ قائد اعظم محمد علی جناح صاحب جب گورنر جنرل بنے تو وہ کراچی میں بنے اور ہمارا دارالخلافہ کراچی تھا اور میں ایک سین آپ کے پاس تاریخی پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ تو اس میں ایک بات ہوئی تھی کہ وہ آیا ' مہاتما گاندھی نے قائد اعظم محمد علی جناح صاحب سے کہا کہ نہرو کو اس نے کہا کہ

We will give Prime Minsitership of India and Jinnah will nominate the whole Cabinet, all the important institutions of the country shall be headed by Muslims.

یہ offer انہوں نے دے دی فوری طور پر ۔ قائد اعظم محمد علی جناح صاحب نے کہا۔

No, we want Pakistan and Baharat. You will be having Baharat, we Muslims will have Pakistan.

اسی وقت نہرو نے کہا کہ جو مہاتما کہتا ہے ہم اس کی تائید کرتے ہیں ہم اس کے ساتھ ہیں پٹیل نے فوراً یہ بات کہی کہ جناب والا ' یہ بات قابل قبول نہیں ہے۔ ہندوستان نہیں سارے برصغیر میں یہ roits ہو جائیں گے ۔ تو قائد اعظم کی بات سچی ثابت ہوئی اور انہوں نے کہا یہ بات درست ہے کہ اگر ہم united India

رکھتے ہیں تو مسلمانوں کے حقوق کبھی باریاب نہیں ہوں گے ' یہاں جھگڑے ہوں گے ' یہاں roits ہوں گے اور مسلمان تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ وہ minority میں ہیں major minority ہے لہذا اب پاکستان بن کے رہے۔ گا And he was right. اب جو خرافات ہمیں نظر آ رہے ہیں یہ کراچی کا مسئلہ' عصبیتیں اور یہ وہ تمام چیزیں یہ اس پہلو سے ہیں کہ ہم نے بنیادی طور پر جو ہمارا فلسفہ ہے دین اور دستور کا اس سے میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ قائد کے فرمودات اس کی پارٹی کی گائیڈ لائن ان کی جدوجہد......

حافظ حسین احمد۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ حافظ حسین احمد ۔

حافظ حسین احمد ۔اللہ کرے یہ valid ہو۔ جناب چیئرمین یہاں اس ایوان میں جناب رضا ربانی صاحب بھی موجود ہیں اور ڈاکٹر شیر افگن صاحب کی قربانی دی گئی تھی اور ان کا ٹائم راشدی صاحب کو دیا گیا تھا۔ ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ یہ کیا ظلم ہے کہ ایک دفعہ ان کا ٹائم کسی دوسرے ممبر کو دے دیا تھا اور ان کی تقریر ہو چکی ہے اور اس کے باوجود آپ ہمیں دوبارہ ان کی تقریر سنوانے پر تلے ہوئے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ یہ دوسرا سیشن ہے ۔ وہ requisitioned تھا یہ دوسرا اجلاس ہے۔

حافظ حسین احمد۔ جناب چیئرمین آپ مجھے بتائیں میرا یہ point of order valid ہے یا نہیں ہے ۔

(اذان ظہر)

Mr. Presiding Officer: I, think, this issue will be decided by the honourable Chairman tomorrow. The House is adjourn for tomorrow to meet at 10.00 a. m.

(The House then adjourned to meet again at ten of the clock in the morinig on 19th July, 1995.)

PCPPI—4687(97) Senate—17-10-97—180.